# تحیّت

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

12-26



شہزاد مجدّدی

Marfat.com

# تحیّت

(مجموعۂ حمد و نعت)

## شہزاد مجدّدی

دارالاخلاص

Marfat.com

باسمہٖ تعالیٰ

98209

جملہ حقوق بحق شاعر محفوظ

کتاب: **تحیت**

مصنف: شہزاد مجددی

سرورق: مدنی گرافکس، لاہور

کمپوزنگ: راشد محمود

صفحات: ۲۳۲

اشاعت: ربیع الاول ۱۴۳۱ھ مارچ ۲۰۱۰ء

ہدیہ: ۱۸۰/ روپے

اہتمام: دارالاخلاص (مرکز تحقیق اسلامی)

گلی نمبر ۱۹۔۴۹ ریلوے روڈ لاہور

042-7234068

E-mail: msmujaddidi@hotmail.com
msmujaddidi@yahoo.com

Marfat.com

# تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ[1] ★

جنت میں ان کا استقبالیہ کلمہ سلام ہوگا۔

عن عَبْدِ اللهِ

قَالَ : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

**يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ[2] ★**

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

رسول اللہ ﷺ ہمیں تشہد کی تعلیم قرآن کی سورۃ کی طرح دیا کرتے تھے۔

**اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ**
**عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ**
**عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ**
**اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ ○**

---

★[1] (ابراھیم: 23) ★[2] (سنن نسائی: رقم: 1158- مسند احمد: رقم: 3551)

Marfat.com

## انتساب!

شب و روز

محراب نعت میں

مراقب رہنے والوں کے نام!

Marfat.com

# فہرست


| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 4 | انتساب | ☆ |
| 5 | فہرست | ☆ |
| 11 | تجلّیات تحیّت (شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری) | ☆ |
| 15 | تحیّت کی شعری اقدار (جناب عزیز احسن) | ☆ |
| 23 | تحیّت .... ثنائے حامد ومحمود (پروفیسر محمد اکرم رضا) | ☆ |
| | **حمدِ باری تعالیٰ** | |
| 31 | ہونٹوں پہ مرے صبح و مسا حمد ہے تیری | 1 |
| 34 | ذاتِ قدیم صاحبِ ہر فخر و ناز ہے | 2 |
| 37 | گر آنکھ سو بھی جائے تو کرتا ہے اپنا کام | 3 |
| 39 | خدایا حاکمِ مطلق ہے تو ہر ایک عالم کا | 4 |
| 41 | نفسِ امّارہ نے جب طوفاں کوئی برپا کیا | 5 |
| 43 | حمد ومناجات (عربی سے ترجمہ) | 7 |
| 44 | صبر، انکسار، شکر، صداقت، کرم، سخا | 8 |
| 46 | جو صحنِ جاں میں ہوائے حریم پاک چلے | 9 |
| 48 | وہ صاحبِ کُن، مالکِ کل، خالقِ انوار | 10 |
| 50 | وہی لوگ لائقِ رشک ہیں جو یہ کام خیر سے کر گئے | 11 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 12 | گئے گزروں کو آخر بندگی کرنے کا ڈھب آیا | 52 |
| 13 | کہاں کے یہ زبان ولب مرا رنگِ ثنا کیا ہے | 54 |
| 14 | اک عہدِ بے مثال ہے "اِیَّاکَ نَعْبُدُ" | 56 |
| 15 | قرآن کی زبان میں ہوں محوِ گفتگو اِیَّاکَ نَعْبُدُ | 59 |
| 16 | تو خالقِ عظیم ہے اِیَّاکَ نَسْتَعِیْن | 61 |
| 17 | کتاب حکمت و دانش کی ابتدا ادراک | 63 |
| 18 | صبح دم جب کسی طائر کی صدا آتی ہے | 65 |
| 19 | بخش مولا مرے دل کو بھی وہی سوز و گداز | 67 |
| 20 | دلِ تیرہ کو چمکاؤں مجھے توفیق دے مولا | 69 |
| 21 | ہر وقت رہے دل میں تری یاد الٰہی | 71 |
| 22 | مرا سرمایۂ ہستی تری حمد و ثنا مولا | 74 |
| 23 | گو جدا ہاتھ سے قلم نہ ہوا | 76 |
| 24 | میٹھی نیند سلاتا ہے تو | 78 |
| 25 | رُوبرو ہے حرم تیری توفیق سے | 80 |
| 26 | سوزِ حفیظ دے مجھے ذوقِ ندیم دے | 84 |
| 27 | صلِ علیٰ کا ذکر ہے حمد و ثنا کے بعد | 87 |
| 28 | خدا گر نہ توفیق دے بندگی کی | 89 |
| 29 | خدایا رحم فرما سیدِ کونین کا صدقہ | 91 |
| 30 | حمدِ ربّ ہے مصطفیٰ کی شان ہے قرآن میں | 93 |
| 31 | حکمتیں ہیں نور ہے اسرار ہیں قرآن میں | 95 |
| 32 | شان بیت اللہ کی | 98 |


Marfat.com

## نعتِ سرورِ کونین ﷺ


| | | |
|---|---|---|
| 33 | بھلا کیسے ہو ہم سے حق ادا توصیفِ احمد کا | 101 |
| 34 | خدا حضور کا قرآں مرے حضور کا ہے | 104 |
| 35 | مجھ سے پھر عرضِ مدعا نہ ہوا | 106 |
| 36 | ایماں ہے بادباں تو ستارا ہے ان کا نام | 108 |
| 37 | مجھ سے عاصی پہ رحمت کی حد ہو گئی | 111 |
| 38 | بہ ہر نفس شہِ دیں پر ہزار بار درود | 114 |
| 39 | آرزوئے دیدۂ موسیٰ کو یوں پورا کیا | 117 |
| 40 | مِلاؤں کیا میں کسی سے نظر مدینے میں | 120 |
| 41 | جو ہو صدقِ طلب سلطان بحر و بر سے ملتا ہے | 122 |
| 42 | کیا بتائے بشر آپ کا مرتبہ جانتا ہے خدا ہی مقام آپ کا | 124 |
| 43 | خیرالوریٰ کہوں انہیں شمس الضحیٰ کہوں | 126 |
| 44 | صحرا میں گلِ سبز دمکتا نظر آیا | 128 |
| 45 | مائل بہ کرم رہتے ہیں سرکار ہمیشہ | 130 |
| 46 | کب تک رہیں گے ایسے سنین و شہور اور | 133 |
| 47 | اک عالم سرور میں باچشم تر ملے | 135 |
| 48 | ختم الرسل ہیں سارے زمانوں کے مقتدا | 137 |
| 49 | لیے دلوں میں تمنائے ارض پاک چلے | 139 |
| 50 | وہی لمحے حاصل زندگی ہیں جو اُن کے در پہ گزر گئے | 141 |
| 51 | جہاں کو کفر کی ظلمت سے کرنے پاک جب آیا | 143 |
| 52 | نگاہِ زائرِ طیبہ میں گنبد، سبز سر چمکا | 145 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 53 | اِدھر اسمِ گرامی لب پہ ہے فخرِ دو عالم کا | 147 |
| 54 | رسائی بارگاہِ پاک میں جس دم ہوئی اپنی | 149 |
| 55 | رسولِ پاک سے سن عظمتِ حمد خدا کیا ہے | 151 |
| 56 | اس محبوب کا صدقہ میری مان ہوا | 153 |
| 57 | خودسنور جائیں گے حالات مدینے چلئے | 156 |
| 58 | محبوب ربِّ عرش ہے، میرِ حجاز ہے | 159 |
| 59 | ہو کیسے حق ادا پھر ہم سے ان کی نعت و مدحت کا | 161 |
| 60 | سرورِ کون و مکاں سیّدِ ذیشانِ عرب | 163 |
| 61 | خلوص، امن، اخوت، حیاء وفا ادراک | 165 |
| 62 | بارانِ کرم مجھ پہ بھی برسائے مدینہ | 167 |
| 63 | یاد جب خلوتِ خورشیدِ حرا آتی ہے | 169 |
| 64 | کوئی خوش بخت مرے شہر سے جب جائے حجاز | 171 |
| 65 | منگتے کا بھرم رکھنا سرکار کی سنت ہے | 173 |
| 66 | ابرِ کرم کچھ ایسا برسا تیری گلی میں | 175 |
| 67 | جو اہلِ قرب ہیں کب آنکھ بھر کے دیکھتے ہیں | 177 |
| 68 | اللہ نے یوں شان بڑھائی ترے در کی | 179 |
| 69 | مہکتا گلستان مدینے کی گلیاں | 182 |
| 70 | ہر اک خوبی اسے زیبا جو ہے تعریف کے لائق | 183 |
| 71 | دل کی بستی بسائی تری نعت نے | 186 |
| 72 | آپ کے ہو کے یا نبی ہم لوگ | 188 |
| 73 | کس طرح نہ ہو منبعِ انوار عمامہ | 189 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 74 | نانا کو کریں پیش جو حسنین عمامہ | 193 |
| 75 | حیاتِ بے ثبات کو خدا اگر دوام دے | 194 |
| 76 | تنویرِ سخن نیرِّ تابانِ رسالت | 196 |
| 77 | اللہ نے کر دی ہے بیاں شان رسالت | 198 |
| 78 | جمالِ سرورِ دیں کا کہاں سے لاؤں پیمانہ | 202 |
| 79 | ان پر درود بھیجئے حمدِ خدا کے بعد | 205 |
| 80 | ذکرِ شہِ انام ہے نام خدا کے بعد | 207 |
| 81 | جیسے خدا کی ذات سے ہیں مصطفیٰ قریب | 210 |
| 82 | یہی میرا وظیفہ ہے، یہی میری عبادت ہے | 212 |
| 83 | زہے مقدر ہمیں بھی نسبت ہے بارگاہِ شہِ شہاں ﷺ سے | 214 |
| 84 | شکر ہو سکتا نہیں اس پر خدائے پاک کا | 216 |
| 85 | مجھے فیضان صبح و شام آتا ہے محمد کا | 218 |
| 86 | دو عالم کی زینت رسالت کسی کی | 220 |
| 87 | خدا کا تقرب ہے قربت کسی کی | 222 |
| 88 | ہر عقیدت پہ مقدّم ہے عقیدت اپنی | 223 |
| 89 | رسولِ ہر دو عالم کا ہے یہ فرمان ''لَا تغضبْ'' | 224 |
| 90 | آتی ہیں بہت یاد مدینہ کی کھجوریں | 227 |
| 91 | قطعات | 229 |
| 92 | قطعات | 230 |
| | تبصرہ | 231 |


Marfat.com

الهی لذت حمد و ثنایت ده زبانم را

ز مشک نعت پیغمبر معطر کن دهانم را

Marfat.com

# تجلّیات تحیّت

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی

نعت گوئی تاجدار کائنات ﷺ کا فیضان سرمدی ہے جو گزشتہ چودہ صدیوں سے ہزارہا شعراء کرام کے قلوب واذہان کو سرشار کر رہا ہے۔ ہر شاعر کے پاس نئے اور نادر مضامین کی بہتات اور خیالات کا ہجوم بلاشبہ سرکار دو عالم ﷺ ہی کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ وسعت مطالعہ، تخلیقی صلاحیت، فنی شعور اور قوت اظہار ایسے اوصاف اس جوہر موہوب کے فروغ کے لیے فریضہ خدمت انجام دیتے ہیں جبکہ ذات نبوی ﷺ سے ربط وتعلق، عشق بے پایاں، دل گداختگی اور روحانی وارفتگی ایسی کیفیات ہیں جو رہنمائے سفر بن جاتی ہیں۔ نعت گو شاعر کے لیے ضروری ہے کہ وہ فن میں پختہ بھی ہو اور عشق میں کشتہ بھی، شاعر کا تعلق قبیلہ عشاق سے ہوتا ہے جو عشق میں کشتہ نہ ہوا وہ نعت میں پختہ نہ ہوا۔

کسے کہ کشتہ نہ شد از قبیلۂ ما نیست

نعت گو شاعر خود صاحب وجد ہوتا ہے۔ اس کا شعور، نغمۂ [illegible] شعری بارش [illegible] تن کرتا ہے۔ اس کا قلم رقص کناں ہوتا ہے۔ اس کے جذبات وادی تخیل سے گزرتے ہیں اور کلمات شاہراہ ترسیل سے۔ وہ میخانہ تخیلات کے جام بھر بھر کے پیتا ہے اور چشم تصور میں اپنے مذکور کی ہم نشینی سے لطف آشنا رہتا ہے۔ "یاد حق کی" یہ پاکیزہ "معصیت کیشی" اسے زہد وتقویٰ کی اعلیٰ منزلوں کا جلیس بنا دیتی ہے۔ اسی لیے اقبال نے کہا:

مقام شوق ترے قدسیوں کے بس کا نہیں

Marfat.com

اس لیے نعت گو، جب نعت کہتا ہے تو گویا کنجِ دہن سے صبح طلوع ہوتی ہے۔ نسیم سحر اٹھکیلیاں لے کر چلتی ہے۔ چمنِ عشق کے تازہ پھول عطر بیزیاں کرتے ہیں۔ تب رحمت وادیٔ باطن پر برستا ہے اور مطلعِ قلب پر انوارِ قدسی کی ضوفشانی ہوتی ہے۔ نعت گوئی ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ اس میں لب و لہجہ کی شائستگی، طرزِ ادا کی شفتگی، نکتہ سنجی، معنویت شناسی، الفاظ کی تراش خراش اور تشبیہات و استعارات کی بقلمون نگاری ہے۔ نیز اس کے ساتھ قلب و باطن پر تطہیری ردا، نبوت شناسی اور رسالت فہمی بھی چاہیے۔ اس کے لیے خورشید حرا سے نورِ طلبی اور سایہ بے سائیگی سے تعلق بھی چاہیے۔ چنانچہ قسام فیض الوہیت ﷺ نے اپنی نگاہِ کرم سے ایک سو ساٹھ (۱۶۰) صحابہ شعراء اور بارہ (۱۲) صحابیات شاعرات تخلیق فرمائیں۔ اور وہ قافلہ اسی فیض کے تسلسل سے آج تک رواں دواں ہے۔ اس کاروانِ چنیدہ میں شمولیت، توفیق کے بغیر نصیب نہیں ہوتی۔ یہی توفیق عزیزم علامہ محمد شہزاد مجددی کو بھی عطا ہوئی تو وہ نعت گوئی کے جادۂ حسین پر عازم سفر ہوئے۔

علامہ محمد شہزاد مجددی کو دیگر علمی و روحانی فضائل کے علاوہ ربِّ لم یزل کی طرف سے نعت گوئی کا وصف بھی ودیعت کیا گیا ہے اور وہ علمی و ادبی حلقوں میں اس حوالے سے اپنی الگ پہچان رکھتے ہیں۔ ان کی حمدیہ ونعتیہ شاعری ادبی و فنی محاسن کا مرقع ہونے کے ساتھ ساتھ تعلق باللہ اور تعلق بالرسول ﷺ کے حوالے سے بھی قاری پر گہرے اثرات رکھتی ہے اور پڑھنے والا خود کو محبت و عبودیت سے معمور فضاؤں میں محسوس کرنے لگتا ہے۔ علوم دینیہ سے گہری وابستگی، قرآن و حدیث اور سیرت نبوی ﷺ کے عمیق مطالعہ نے ان کی نعت کو نہ صرف نکھار اور ندرت سے نوازا ہے بلکہ اسے شرعی اعتبار واستناد بھی بخشا ہے۔ نعت کے ہفت خواں کو طے

Marfat.com

کرنے میں جہاں ان کے جذبۂ عشق رسول ﷺ نے انہیں خضر راہ کا کام دیا ہے وہاں اس پل صراط سے بخیر وخوبی گزرنے میں ان کے ذوق نقد ونظر نے بھی ہم کاری کی ہے۔ علامہ مجددی نے اکابر امت سے بھی اس سلسلہ میں بھرپور استفادہ کیا ہے۔ مزید یہ کہ وہ سفرِ نعت میں حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنا رہبر و مرشد گردانتے ہیں۔

میں بھی ہوں شہزاد شامل کاروانِ نعت میں
یوں تعلق کعب و حسّان و سنائی سے ہوا

فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے بھی اہل نعت کو تلوار کی کی اس دھار پہ چلتے ہوئے سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو رہنما بنانے کا مشورہ دیا ہے۔

رہبر کی رہ نعت میں گر حاجت ہو نقش قدم حضرت حسان بس ہے

میری دعا ہے باری تعالیٰ انہیں اس کاروان شوق میں شرف قبولیت کے ساتھ شامل رکھے، وہ قرآن سے جو کہ منشور نعت ہے اخذ فیض کرتے رہیں اور سنت سے جو کہ دیوان نعت ہے، مستنیر ہوتے رہیں۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

دعا گو

خاکپائے عشاق مصطفیٰ ﷺ

(ڈاکٹر) محمد طاہر القادری

Marfat.com

اک تسلسل ہے تحیات و ثنا کا پیہم
ہو تسلیم دمادم ہے عقیدت یہی

Marfat.com

# تحیّت کی شعری اقدار

## پر ایک نظر

جناب عزیز احسن (کراچی)

اللہ رب العزت نے انسان کو اپنے لامحدود علم سے کچھ علم عطا فرما کر اسے فضیلت دی لیکن اس کی طبیعت میں خیر و شر دونوں کو اختیار کرنے کا داعیہ بھی رکھ دیا اور خیر و شر دونوں کے انتخاب کرنے کے لیے انسانی طبائع کو آزاد چھوڑ دیا، البتہ سعید روحوں میں خیر کی طلب اور تڑپ کا مادہ رکھ دیا۔

تکوین کائنات کا حاصل، صرف اور صرف حضور نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی ہے۔ اس حقیقت کا شعور جن انسانوں کو دیا گیا وہ غیر معمولی عابد و زاہد، عالم و فاضل تخلیق کار و ہنرور تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ان لوگوں میں اسوۂ پیمبری کو قبول کرنے، اس کی پیروی کرنے اور اسے اپنی فکر کا حصہ بنانے کا داعیہ پیدا ہوا اور انہوں نے اپنی تمام تر صلاحیتیں محمد مصطفیٰ ﷺ کے جمال صوری و معنوی کی عکس بندی کرنے میں صرف کر دیں۔ حسب استطاعت کسی نے حضور اکرم ﷺ کے شمائل محفوظ کیے، کسی نے مغازی کا تذکرہ لکھا، کسی نے احادیث کی جمع و تدوین کو عمر بھر کا وظیفہ بنایا تو کسی نے آثار صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نقوش محفوظ کیے، کسی نے قرآن کریم کی تفسیر میں حضور ﷺ کے قول، عمل اور تقریر کو پیش نظر رکھا تو کسی نے آقا حضور ﷺ کے ساتھ محبت کے احساسات کو زبان دی۔ مؤخر الذکر گروہ کے لوگ ان شعراء میں شمار ہوئے جنہیں اللہ تعالیٰ نے "ہر وادی میں بھٹکتے پھرنے والے شعراء کے مقابلے

Marfat.com

میں ایمان لانے، اعمال صالحہ کرنے، کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے اور بدلہ لینے میں حد سے تجاوز نہ کرنے والوں'' میں شمار فرمایا ہے۔یہی وجہ ہے کہ ایسی سعادت پانے والے شعراء میں اللہ کے محبوب رسول جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی توصیف وثناء کرنے کا داعیہ پیدا ہوا اور پھر یہی ان کا وظیفہء حیات بن گیا۔

مجھے یقین ہے کہ حمدیہ و نعتیہ شاعری چونکہ قرآنی فکر کا عکس لیے ہوئے ہوتی ہے اس لیے یہ شاعری، قیامت اور قیامت کے بعد جنت میں بھی اسی طرح سنی اور سنائی جائے گی جس طرح بڑے خلوص سے آج اس کی محافل سجتی ہیں۔ میرا یہ خیال قرآن کی آیت کریمہ ''مِمَّا یَشْتَهُوْنَ'' (تاکہ لے لیں اپنی رغبت کے مطابق) کی اساس پر قائم ہوا ہے۔ جنت میں جنتیوں کی خواہشات ان کی رغبت کے مطابق پوری کی جائیں گی۔ ظاہر ہے جنتی لوگ جن عادتوں اور جن مشاغل کو دنیا میں رواج دے کر گئے ہوں گے ان کے وہ مشاغل اور وہ عادتیں انہیں ان ہی چیزوں کی یاد دلائیں گی!۔اور یہ بات مسلّم ہے کہ جو چیز جنتیوں کو یاد آئے گی وہ انہیں عطا کر دی جائے گی۔ ایسی صورت میں محسن کاکوروی کی خواہش کیسے رد کر دی جائے گی اور احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تمنا کیونکر پوری نہ کی جائے گی؟

کہیں جبریل اشارے سے کہ ہاں بسم اللہ
سمت کاشی سے چلا جانبِ متھرا بادل

(محسن کاکوروی)

(میں نے ابھی ابھی نقوش کے سیرت نمبر کی جلد 10 نکالی اور اس شعر کو صحت کے ساتھ نقل کرنا چاہا تو الحمد للہ! براہ راست وہی صفحہ کھل گیا جس پر یہ شعر درج تھا۔میرے خیال کی تصدیق کا یہ غیبی اشارہ بھی تو ہوسکتا ہے!)۔

Marfat.com

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ، ہاں رضا
مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

(احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

عرش ہاشمی کا یہ شعر کیا برمحل یاد آیا ہے

جو پوچھا رب نے عمل بھی ہے کوئی پاس ترے
کہوں گا، ہاں ،ترے محبوب کی ثنا کی تھی!

شہزاد مجددی کا کلام دیکھتے ہوئے جن خیالات نے میرے دل و دماغ پر گہرا اثر کیا وہ میں نے حوالۂ قرطاس کر دیئے۔ الحمد للہ! علامہ محمد شہزاد مجددی ، عالم دین بھی ہیں اور عابد بھی،قرآن و حدیث پر گہری نظر بھی رکھتے ہیں اور شعری ذوق کے حامل بھی ہیں۔ شاعری کرتے وقت ''شعری متن'' کی بنت میں اکتسابی علم سے انہیں مدد ملتی ہے اور شعری زبان اختیار کرتے ہوئے، احساس لطیف اور شعر گوئی کی وہبی صلاحیت ان کی بھر پور رہنمائی کرتی ہے۔ علاوہ ازیں عشق سرور انبیاء علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی کسک ان کے دل کے نہاں خانے سے لفظوں میں منتقل ہو کر ان کی شاعری کو اثر انگیز بنا دیتی ہے ''**تحیّت**'' میں شامل اشعار میرے اس تأثر کی گواہی بھر پور طریقے سے دیں گے!

''**تحیّت**'' میں حمدیہ شاعری بھی ہے۔ کہنے کو تو کہا جاتا ہے کہ حمد ،نعت کے مقابلے میں آسان شاعری ہے،لیکن عملاً یہ آسان شاعری ہمارے ہاں تا حال آغاز کلام کے چند ابیات سے آگے نہیں بڑھ سکی۔ استثنائی صورتیں بہر حال اپنی طرف توجہ مبذول کروا لیتی ہیں، جیسا کہ خود علامہ شہزاد مجددی کے مجموعے سے عیاں ہے۔ لیکن عمومی فضا میں حمدیہ شاعری بھی حضور ﷺ کی نعت کا حصہ بن

Marfat.com

جاتی ہے کیونکہ مخلوق کی تعریف بھی خالق ہی کی تعریف ہوتی ہے۔ علامہ شہزاد فرماتے ہیں

؎ تو سرورِ کونین کا خالق ہے خدایا
ہر نعت نبی صلی علیٰ حمد ہے تیری

شہزاد مجددی صاحب نے حمدیہ اشعار کے وہ تمام فکری زاویئے پیش فرمائے ہیں جو "اللہ" رب العزت کی حمد وثنا کے لیے عمومی طور پر پیش نظر رکھے جاتے ہیں۔ یعنی خالق کے اوصاف اس کی مخلوق کے جمال و جلال کی روشنی میں اپنے ادراک میں لاتے ہوئے نظم کیے جائیں مثلاً

؎ کرتی ہیں ترا ذکر سمندر کی یہ لہریں
گلشن میں عنادل کی صدا حمد ہے تیری
کرتی ہے ترا ذکر شب و روز کی گردش
مہر و مہ و انجم کی ضیا حمد ہے تیری

یا کائنات کی ہر شئے میں خالق کی خلاّقیت کا عکس دیکھا اور دکھایا جائے

؎ جلوہ گری اسی کی ہے نرگس کی آنکھ میں
اس کے کرم سے کاکلِ سنبل دراز ہے
وہ کھولتا ہے گنبدِ بے در میں کھڑکیاں
دنیا میں اس کا لطف بلا امتیاز ہے

علاوہ ازیں، عبد و معبود کے رشتے کے حوالے سے اشعار میں احساس کی قندیل روشن کی جائے مثلاً

؎ زمین و آسماں کا نور ہے تو خالقِ اکبر!

Marfat.com

تری عظمت کہ تو معبود ہے نور مجسّم کا
شرف ہر عبد کا ہے بندگی مولائے کل! تیری
تری حمد و ثنا اعزاز ہے ہر ابن آدم کا

اس کے ساتھ ہی خالق کی ان عنایات کا ذکر کیا جائے جن کے طفیل آدم اور ان کی ذریّت کو دیگر تمام مخلوقات پر شرف حاصل ہوا۔

اللہ اللہ پیکر خاکی کو یہ بخشا شرف
اس نے آدم کو خلیفہ دہر میں اپنا کیا

اور سب سے بڑھ کر یہ کہ احساس بندگی اور عجز و انکسار کے زاویئے سے معبود کا ذکر کیا جائے۔

صبر، انکسار، شکر، صداقت کرم، سخا
کرتی ہیں یہ صفات ہی بندے کو حق نما

اور اس بات کا یقین کہ خالق کائنات کی صفات کا احاطہ کرنا ناممکن ہے

شہزاد اس کی حمد کا یارا بھلا کسے
"لا اُحصِی" جس کی حمد میں کہتے ہیں مصطفیٰ

علامہ شہزاد مجددی کی حمدیہ شاعری دیکھ کر احساس ہوتا ہے کہ الحمد للہ! خالق کی خلاقیت اور معبود کی عظمت کے بھرپور ادراک کے ساتھ شاعر کے دل و دماغ میں احساس بندگی کی شدت بھی ہے۔ سچی بات ہے کہ اللہ کی عظمت و رفعت کا شعور صرف علماء ہی کو ہوسکتا ہے۔

اپنے خالق و مالک کے حضور نذرانۂ حمد پیش کرنے کے بعد شہزاد مجددی صاحب نے نعت سرور کائنات ﷺ پیش کی ہے اور ثابت کر دیا ہے کہ انہیں نعت

Marfat.com

کے متنِ Text کو اشعار میں ڈھالتے ہوئے موضوع کی رفعتوں کا خیال بھی رہتا ہے اور خالق ومخلوق کے فرقِ مراتب کا ادراک بھی۔ شہزاد صاحب لب کشا ہوتے ہیں تو ان کے پیشِ نظر قرآن و احادیث میں جھلکنے والا عکس رسالت مآب ﷺ بھی ہوتا ہے اور اپنے جذبات و احساسات کے شعری اظہار کا سلیقہ بھی ان کی کہی ہوئی نعتوں کو وقیع بنا دیتا ہے۔ عصری حسیت بھی ان کے کلام سے مترشح ہے اور زوالِ امت کا غم بھی ساغرِ شعر سے چھلک رہا ہے۔

قرآن کریم کی آیت ''اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ'' (بلاشبہ اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی ﷺ پر) کی روشنی میں نعت گو شعراء اکثر اس قسم کے شعر کہتے ہوئے نظر آتے ہیں جیسے ان کا اور اللہ کا درود تقریباً یکساں ہے۔۔۔وہ یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ یہی ایک کام ایسا ہے جس میں ہم (معاذ اللہ) اللہ کے شریک ہو جاتے ہیں۔ علامہ شہزاد مجددی کو اللہ رب العزت نے کچھ ایسا شعور بندگی عطا فرمایا ہے کہ برملا فرماتے ہیں

میرا درود اور ہے اس کا درود اور
کیسے بھلا میں خود کو شریک خدا کہوں

میرے خیال میں نعت گو شعراء کو ہمیشہ اس شعر کے متن کو پیش نظر رکھ کر بات کرنی چاہیے۔ یہ شعر نعتیہ ادب میں جہت نما ہے اور ان شاء اللہ تازہ واردان بساط نعت کے لیے سمت نمائی کا روشن منارہ ثابت ہو گا! شہزاد مجددی صاحب ''پیروی مغربی'' کے اس عہد میں امت کو خبر دار کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

چلتا نہیں وہ جادۂ اہل فرنگ پر

Marfat.com

سلطان انبیاء کی جسے رہگزر ملے

حضور اکرم ﷺ سے مخاطبے میں التماس التفات کا زاویہ ملاحظہ ہو

عہد رواں حضور ہے محتاج التفات
درکار ہے بشر کو ابھی کچھ شعور اور

آیات قرآنی کی تفسیر کے لیے احادیث کی طرف رجوع سے بعض لوگوں نے مختلف بہانوں سے گریز کی راہ نکال کر اپنے من مانے مطالب گھڑنے میں مدد لینا چاہا ہے۔ یہ روش اہل حق کے لیے کسی طور بھی قابل قبول نہیں ہے۔ شہزاد صاحب نے دوٹوک لفظوں میں فرما دیا ہے

آیات الٰہی کے ہیں سرکار مفسّر
اللہ کا فرمان ہے فرمان رسالت

ختم نبوت کا عقیدہ، مسلمانوں کے ایمان کا اساسی عقیدہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد سے لے کر آج تک ہر کاذب مدعی نبوت کا امت نے کھل کر مقابلہ کیا ہے اور اسے برملا جھوٹا قرار دیا ہے۔ شہزاد مجددی کی اُجلی فکر میں ختم نبوت کے عقیدے کی بنیاد پر وجود میں آنے والے اشعار ملاحظہ ہوں۔

کہا اللہ نے قرآں میں ختم المرسلیں ان کو
"عقیدہ اس لیے رکھتے ہیں ہم ختم نبوت کا"
شہ کونین نے فرمادیا ہے "لا نبی بعدی"
"عقیدہ اس لیے رکھتے ہیں ہم ختم نبوت کا"
کسی کذاب کو جرأت نہ ہو پھر ایسے دعوے کی

Marfat.com

عقیدہ اس لیے رکھتے ہیں ہم ختم نبوت کا
نیا کوئی نبی شہزاد ہو اب غیر ممکن ہے
رسول آخریں پر ختم ہے منصب رسالت کا

امت کے حساس گروہ کا زاویہ نظر اپنے ذاتی احوال کی حکایت کے طور پر پیش کرنے کا نمونہ اس شعر میں دیکھئے

نسبت سرور کونین پہ ہے فخر، مگر
اپنے اعمال کو دیکھوں تو حیا آتی ہے

کہاں تک اشعار نقل کروں، تقریباً تمام کلام ہی انتخاب ہے۔ فی الحال کلام حضرت علامہ شہزاد مجددی پر اسی قدر لکھ دینا کافی ہے کیونکہ "**تحیّت**" کی طباعت کا مرحلہ درپیش ہے۔ ویسے بھی علامہ کے شعرِ عقیدت کی خوشبو کا تعارف کروانے کے لیے کسی عطار کی ضرورت نہیں ہے۔ "**تحیّت**" کی اشاعت پر میں حضرت علامہ شہزاد مجددی کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت اس کلام کی گونج کائنات کے گوشے گوشے میں پھیلا دے اور قیامت کے بعد بھی امت کے خوش بخت جنتی، اس کلام سے محظوظ ہوتے رہیں!

(آمین ۔۔۔ یا رب العالمین!)

عزیز احسن عفی عنہ

پیر ۲۳ صفر ۱۴۳۱ھ مطابق ۸ فروری ۲۰۱۰ء

A-12 بلاک 13 گلستان جوہر، کراچی

78209

Marfat.com

# تحیّت .... ثنائے حامد و محمود

پروفیسر محمد اکرم رضا

سرور کائنات ﷺ کی توصیف و ثنا ایسی بے بہا عنایت ہے جو خدائے کریم اپنے خاص بندوں کو ہی ودیعت کرتا ہے۔ یہ بندگانِ خاص عجز و انکسار کو ذریعہ اظہار بنا کر، نوکِ قلم کو وسیلۂ نمود بنا کر احساسات و افکار کی تمام تر وسعتوں کو لفظوں میں سمیٹ کر انہیں گل و لالہ کا جمال بخشتے ہیں اور کمالِ عجز سے ممدوحِ کائنات حضور محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہِ عالم پناہ میں پیش کر دیتے ہیں۔ اس فرطِ احساس کی بارگاہ حضور ﷺ میں پذیرائی ذرّوں کو مہر علم تاب اور قطروں کو سمندروں کی وسعت عطا کرتی ہے۔ یہی نگاہِ عنایت و پذیرائی قرطاس و قلم کی زینت بننے والے گل و لالہ کو ابدیت و سرمدیت کا جمال عطا کرتی ہے۔

اسی مقبول و محبوب سلسلے کے ایک اہم رکن جناب محمد شہزاد مجددی بھی ہیں۔ پختہ گو شاعر، نعت کے محاسن و اوصاف کو سمجھنے والے شاعر، علم و حکمت اور دانائی و فکر کی گتھیاں سلجھانے والے جناب شہزاد مجددی کا شمار ان فرزندانِ روزگار میں ہوتا ہے جنہیں چھوٹی عمر ہی میں نعت کہنے کی سعادت نصیب ہوگئی۔ آپ مصنف ہیں، محقق ہیں۔ نظریاتی رسائل و جرائد کی باقاعدگی سے زینت بنتے ہیں۔ ان کی تصانیف سے بھی عشق حضور ﷺ کی مہک آتی ہے۔ اسی ضمن میں آپ کا مجموعہ حمد و نعت ''ثنا کا موسم'' بے اختیار آپ کی فکر اور نظریاتی سرفرازیوں کو حیاتِ نو کی نوید بخشتا محسوس ہوتا ہے۔ نعت کے حوالے سے ان کا یہ شعری اظہار ان کی جملہ نعتیہ شاعری پر محیط ہے۔

؎ کافی ہے مجھ کو عشق کا اتنا ثمر حضور ... ہوتا ہے اہل نعت میں شہزاد کا شمار

Marfat.com

اہل نعت میں شہزؔاد کا شمار محض لفظی دعویٰ نہیں بلکہ انہوں نے حقیقت میں نعت کے حسن کو نیا بانکپن عطا کیا، جس کا اظہار شاعرِ نعت حضرت حفیظ تائب، فیضان دانش راحمد جاوید جیسے اصحاب دانش نے کیا ہے۔ محمد شہزاد مجددی کا زیر نظر مجموعہ اپنے عنوان میں غیر معمولی جامعیت اور وسعتِ علم بیان لیے ہوئے ہے۔ ''**تحیّت**'' کا لفظ ادا کرنے سے عظمت خداوندی اور سرکارِ دوعالم ﷺ کو عطا ہونے والے انعامات کا در کھل جاتا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ محبوب اور محب روبرو ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خدائے کریم کو مالی، بدنی، جانی عبادات کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، تو رحمت خداوندی کا سحابِ نور آپ کو اپنے دامانِ عطا میں سمو کر آپ پر اور آپ کی وساطت سے آپ ﷺ کی امت کو سلام و انعام سے مستفید کر دیتا ہے۔ پیش نظر مجموعہ کلام میں ﴿32﴾ حمدیں اور ﴿60﴾ نعتیں ہیں جن میں سے تین نعتیہ قطعات ہیں۔

حمد ربِ جلیل کی عظمت سے کون انکار کرسکتا ہے۔ حمد اور مدحت معانی کے لحاظ سے بہت قریب ہیں۔ پھر اسمِ محمد ﷺ سے بھی تو ''حمد'' کا جذبہ ابھرتا ہے۔ ''محمد'' ایسی ہستی جس کی سب سے زیادہ تعریف کی گئی ہو۔ اس لیے تو پہلے توصیفِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والصلوٰۃ کے لیے حمد ہی کے الفاظ استعمال ہوتے تھے۔ حضرت سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے لفظوں میں پہلے توصیفِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے لیے حمد ہی کے الفاظ استعمال ہوتے تھے۔ حضرت سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے لفظوں میں

مَا اِنْ مَدَحْتُ مُحَمَّداً بِمَقَالَتِیْ وَلٰکِنْ مَدَحْتُ مَقَالَتِیْ بِمُحَمَّدِ

محمد شہزاد مجددی جب حمد کہتے ہیں یا مدحت رسول کے پھول نذر کرتے ہیں تو دونوں سے ان کا مقصدِ اول توحیدِ خداوندی اور رسالت محمدی کا اعلان عام ہے۔ مجددی صاحب کے ہاں حمدِ خداوندی کی جلوہ گری دیکھیے۔

مسجودِ خشک و تر ہے وہی ذات لاشریک
ہے بحروبر میں اس کی عبادت کا اہتمام

جو صحنِ جاں میں ہوائے حریم پاک چلے
رہِ کرم پہ ہمیشہ یہ مشتِ خاک چلے

Marfat.com

صبر، انکسار، شکر، صداقت، کرم، سخا　　کرتی ہیں یہ صفات ہی بندے کو حق نما
دربارِ ذوالجلال میں ہوتی ہے باریاب　　مظلوم کے لبوں سے نکلتی ہے جو دعا

؎ کہاں کے یہ زبان و لب مرا رنگِ ثنا کیا ہے
یہ حسنِ صوت یہ طرز بیاں، فکرِ رسا کیا ہے
؎ زمین و آسماں، یہ بحر و بر، مہر و مہ و انجم
بس ان کو دیکھ لو اور جان لو شانِ خدا کیا ہے

اب شہزاد مجددی آہستہ آہستہ حمد الٰہی سے مدحتِ محمود (ﷺ) کی طرف بڑھتے ہیں حمد ہو رہی ہے اور بڑی خوبصورتی سے اس میں محمدیت کے نگینے ضوفشانی کر رہے ہیں۔ ملاحظہ ہو:

تو سرورِ کونین کا خالق ہے خدایا　　ہر نعتِ نبی صلِّ علیٰ حمد ہے تیری
سورۂ والنجم کی آیات سے ہے یہ عیاں　　عرش پر دیدارِ حق آقا نے بے پردہ کیا

؎ شبِ اسریٰ تری قدرت کے سب نے معجزے دیکھے
ستارہ بن کے ہر ذرّہ زمیں کا عرش پر چمکا
؎ حق نے نورِ مصطفیٰ سے کر دیا روشن اسے
ہوگئی تھی جب فضا ویران بیت اللہ کی
؎ کوئی قرآن کی آیت ہو یا ارشادِ قدسی ہو
زبانِ مصطفیٰ سے ہو کے ہر فرمان ربّ آیا
کہیں ''والنجم'' کی صورت کہیں ''والطّارق'' کہہ کر
قسم فرمائی اس محبوب کی جو وقت شب آیا

اور پھر حمدِ رب جلیل سے گزرتے ہوئے محمد شہزاد مجددی جب نعت کے کوچۂ نور میں داخل ہوئے تو ان کے فکر و قلم پر نکھار آ گیا۔ ان کے گلستانِ عقیدت پر رحمتِ خداوندی کی بہار یوں آئی کہ اس کی بدولت نہ صرف ان کے نظریات و افکار پر نکھار آتا گیا بلکہ ان کی

Marfat.com

شاعری سے ایمان و یقین کی تجلیات سمیٹنے والوں پر بھی انوارِ خدا و مصطفیٰ ﷺ کی رم جھم اترتی رہی بلکہ برستی رہی۔ اس کا حقیقی سبب وہ سوز و گداز تھا جو ان کے اشعار کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے تھا۔ وہ عجز و انکسار تھا جو فیضانِ رسول ﷺ کی عنایاتِ بے کراں سے ہر لحظہ حیاتِ نو حاصل کر رہا تھا۔ یہی سوز و گداز دلوں کو عقیدت آشنا کرتا، نگاہوں کو محبت کا نم بخشتا اور نوکِ خامہ کو جمالِ جہاں افروز کے شہپارے تراشنے کا سلیقہ بخشتا ہے۔ اسی حوالے سے چند اشعار اہلِ ذوق کی نذر ہیں:

؎ مجھ سے پھر عرضِ مدعا نہ ہوا — نعت کہنے کا حوصلہ نہ ہوا
جیسے ہیں مصطفیٰ کریم مرے — ایسا تو کوئی دوسرا نہ ہوا
نعت شہزاد عرض کی تو مگر — ان کی مدحت کا حق ادا نہ ہوا

؎ وہ شخص سب کے دل میں اُترتا چلا گیا
جس نے بھی اپنے دل میں اتارا ہے ان کا نام

؎ قلم سجدہ کناں رہتا ہے جو محراب مدحت میں
اسے فیضِ ثنا جبریل کے شہپر سے ملتا ہے

؎ کاسہ بدست آپ کی چوکھٹ پہ ہوں کھڑا — خیرات اب مجھے بھی مرے چارہ گر ملے
شہزاد زندگی میں مجھے خُلد ہو نصیب — سرکار کی گلی میں اگر مجھ کو گھر ملے

شعرائے نعت نے ہمیشہ صورت و سیرت حضور ﷺ کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوشش کی ہے مگر جس کا مدح خواں ربِ جلیل ہو جس پر درود و سلام بھیجنے والے ملائکہ و انبیاء ہوں اس ذاتِ والا صفات کی توصیف میں کوئی انتہائی فکری بلندیوں کو کیسے چھو سکتا ہے لیکن یہ احسانِ خداوندی ہے کہ اس نے خوش بخت اصحابِ قلم کو توصیف و ثنائے رسول ﷺ کی توفیق عطا کی۔ محمد شہزاد مجددی کی نگاہوں میں تجلیات حضور کی کہکشاں سی رہتی ہے۔ اسی لیے ان کی نعتوں میں جمالِ رسول کی جلوہ باریاں بھی ملتی ہیں اور سیرت رسول ﷺ کی مہک باریاں بھی، جب

وہ رسول کریم ﷺ کے جمال جہاں افروز کا تذکرہ کرتے ہیں تو رومیؔ، جامیؔ اور احمد رضاؔ کا قلم مستعار لینے کی آرزو کرتے ہیں اور جب سیرتِ مصطفیٰ کی عالمگیریت کی جانب متوجہ ہوتے ہیں تو ظلماتِ عصر حاضر میں کردارِ حضور ﷺ کی شمعیں فروزاں کردیتے ہیں۔ ایک نظر محمد شہزاد مجددی کے قلم سے جمالِ رسول ﷺ کی لمعہ افشانیوں کا وفور دیکھئے:

تھا جو روشن چراغِ رخِ مصطفیٰ
رشکِ مہتاب کنجِ لحد ہوگئی

کہکشاؤں کو ملی حسنِ کفِ پا کی زکوٰۃ
نور کو بھی مستنیر اس نور نے ایسا کیا

کس قدر لگتی ہے دلکش حضرت حسّاں کی بات
آپ سا خوش رُو کسی ماں نے نہیں پیدا کیا

ذرّے ذرّے میں چمکتے ہیں یہاں ماہ و نجوم
جادۂ عرشِ معلیٰ ہے خیابانِ عرب

ہر عظمت اس جہاں میں ان کے تلوے چومنے آئی
وہ خوبی بن گئی میرے نبی کو جو ادا بھائی

سجدے کو مچلتا ہے بہر گام یہاں دل
ہے کعبۂ عشاق خیابانِ رسالت

خدائے وحدہٗ نے کر دیا ہے لاشریک اس کو
اُسی کو علم ہے ان کے کمالِ اوج کی حد کا

یہی عقیدت آفرینی اس وقت بھی اوجِ کمال کو چھوتی نظر آتی ہے جب محمد شہزاد مجددی حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی سیرت مقدسہ کا ذکر کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کا کردار مینارۂ نور، ظلمات عصر میں ہر آن جھلملاتا ہوا چراغ نور، حیات سے موت تک وجہ کامرانی، بے کسوں، غلاموں کے لیے سرمایۂ شادمانی ہے، غرض آپ کے کردار نے زندگی کو اس کا

Marfat.com

حقیقی پیرہن عطا کیا۔ جناب محمد شہزاد مجددی کی شاعری سیرت حضور پرنور ﷺ کے بے شمار پہلوؤں کو دور حاضر کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتی ہے۔ اس ضمن میں مجددی صاحب کے گلستانِ نعت سے چند کلیوں کی خوشبو سے مشامِ فکر کو معنبر کیجئے۔

؎ کھلا توحید کا روشن دریچہ شرک خانے میں
یہ اک اعجاز ہی تھا سرورِ عالم کی دعوت کا

؎ ضیائے سیرت انور سے ضوفشاں ہے حیات
نقوشِ پائے نبی سے ہمیں ملا ادراک

؎ پُرسش کے لیے جانا دکھ درد کے ماروں کی
لاچار کے کام آنا سرکار کی سنت ہے

؎ ہر اک خوبی جہاں میں معتبر ہے ان کی نسبت سے
انہیں سے فرق ہے تا حشر قائم نیک اور بد کا

؎ ہر معصیت زدہ کا بھرم ان کی ذات پاک
سب پاشکستگاں کا سہارا ہے ان کا نام

جناب مجددی نعت کہتے ہیں اور خوب کہتے ہیں۔ عشق کی روشنائی میں نوک خامہ کو ڈبو کر قرطاسِ عقیدت پر نعت کے لفظ اجالتے ہیں تو ان پر ستاروں کا گمان ہوتا ہے۔ ان کی نعت رسمی نہیں بلکہ دائمی حسن کی حامل ہے۔ ان کی نعت میں ابدیت ہے۔ یہ پیغام سرمدیت ہے۔ وہ نعت دل کی گہرائیوں سے لکھتے ہیں اسی لیے بلاتاخیر پڑھنے والوں کے دلوں میں اترتی چلی جاتی ہے۔ نعت ان کے لیے دربارِ مصطفیٰ سے وابستگی کا سہارا ہے۔ حسنِ عقیدت کا استعارہ ہے، خوب تر لفظوں سے ترتیب پانے والا شہپارا ہے۔ نعت ان کی جان بلکہ ان کے لیے حاصل ایمان ہے۔ دیکھئے تو...... وہ نعت کی دولت ودیعت ہونے پر کس قدر نازاں ہیں۔

Marfat.com

ے مجھ کو شہزآد کمک روحِ رضا سے پہنچی
ورنہ ہوتی نہ رقم مدحتِ سلطانِ عرب

ے دل کی بستی بسائی تری نعت نے — بات بگڑی بنائی تری نعت نے
پھر کسی مشورے کی نہ حاجت رہی — بات ایسی سنائی تری نعت نے

ے شہزآد کے ہونٹوں پہ رہے نعت کا نغمہ
آنکھوں میں رہے جلوہ نمائی ترے در کی

نعت کہتے ہوئے مجددی صاحب کا عجزِ کلام دیکھئے:

ے نعت شہزآد عرض کی تو مگر
ان کی مدحت کا حق ادا نہ ہوا

شہزآد مجددی ایک پختہ فکر نعت گو شاعر ہیں۔ زندگی کے کتنے ہی برسوں کے لحاتِ ثناء حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں نثار کر چکے ہیں۔ نعت چونکہ غزل کے اسلوب کی احسن اور پاکیزہ جلوہ گری ہے اس لیے جناب مجددی کی نعتوں میں حسنِ تغزل کے گل و لالہ بکھرتے دکھائی دیتے ہیں۔ بحمداللہ انہوں نے محبوبانِ مجازی کے نام پہ شبستانِ ہوس میں غزل گوئی کا کبھی قصد نہیں کیا اس لیے ان کی نعت ایک روحانی تسلسل کے ساتھ گلزارِ عقیدت میں بہار سامانی کا اہتمام کرتی رہی ہے۔ حسنِ زبان و بیان کی مرصّع کاری، تشبیہات و استعارات اور تراکیب صوری و معنوی کا دلآویز استعمال، خیالات و افکار کی مسلسل بلند پروازی، بارگاہِ محبوب کائنات میں حسنِ تغزل کے جواہرِ بے بہا کی جلوہ سامانی، عشق کا وفور اور حسنِ عقیدت کا نور...... فاضل شاعر حسنِ تغزل کی سحرکاری کی بلندیوں سے بخوبی آگاہ ہیں اس لیے ان کی شاعری جب جانبِ سرزمینِ طیبہ محوِ سفر ہوتی ہے تو تغزل کی لطافتِ روحانی ان کے سفر کے کٹھن مراحل کو آسان تر کر دیتی ہے۔ یہی حسنِ تغزل جب محمد شہزآد مجددی کی شاعری کا جمال بن کر کمال کو چھوتا ہے تو ان کے نظریاتی گلزار کی معنوی مہک سے حظ اندوزی کے جذبے کتنے ہی رنگوں کے امین بن جاتے ہیں:

Marfat.com

آنکھوں میں ہیں مناظرِ فردوس گام گام
ارضِ حرم کو ساحلِ موج بقا کہوں

جب دیکھا جدھر دیکھا دیارِ شہِ دیں میں
ہر سمت وہی نور سراپا نظر آیا
شہزادؔ مدینہ کے مناظر میں مجھے تو
عکس شہِ کونین جھلکتا نظر آیا

کہاں چلی گئی ہے تو ہوائے شہر مصطفیٰ
مرے دل حزیں کو بھی سکون کا پیام دے

**"تحیت"** اول وآخر نعت و مدحت کے حقیقی حسن سے عبارت ہے۔ محمد شہزادؔ مجددی نے جب قلم تھاما تو پہلی شناسائی حضور ﷺ اور آپ کے شہر خنک (مدینہ منورہ) سے ہوئی اور پھر نہ ان کا قلم رکا، نہ ان کی فکر بھکی، خدا کا شکر بھی ادا کیا تو اس تاثر کے ساتھ کہ اس نے محمد عطا کیے اور محمد ﷺ کے حضور جبینِ عقیدت خم ہوئی تو اس فکرِ نمناک کے ساتھ کہ آپ کے جلووں میں خدا کا جلوہ دکھائی دیا۔ عمر رواں کا کارواں نعت کی نئی نئی منزلوں کی تلاش میں ہمیشہ ہر منزل کو نشانِ منزل سمجھ کر آگے بڑھنے کا تمنائی ہے۔ یہی ان کی عقیدت باری کا کمال ہے اور اسی سے ان کے خامۂ عقیدت رقم کا جمال ہے۔ ان کی شاعری کا مطالعہ کرتے جائیں تو داستانِ شوق دراز سے دراز تر ہوتی چلی جاتی ہے۔ ہم جناب مجددی کے لیے تمام تر نیک تمناؤں اور دعاؤں کا ارمغان نذر کرتے ہوئے اُن کے احساسِ نعت کی مزید تابانیوں کے لیے بارگاہِ ایزدی میں دعا گو ہیں۔ ان ہی کے اس شعر کے ساتھ

نعت میں نعت ہی کا ہو مضموں
اس کو کہتے ہیں نعت کا ادراک

محمد اکرم رضا (گوجرانوالہ)

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

ہونٹوں پہ مرے صبح و مسا حمد ہے تیری
ہر درد کی بے مثل دوا حمد ہے تیری

کیا لفظ ہے الحمد لک الحمد الٰہی!
ہر نعمتِ عظمیٰ کی جزا حمد ہے تیری

تکبیر ہو تہلیل ہو تسبیح کہ تحمید
لاریب یہ سب ذکر و ثنا حمد ہے تیری

تو سرورِ کونین کا خالق ہے خدایا
ہر نعتِ نبی صلِ علیٰ حمد ہے تیری

Marfat.com

کرتی ہیں ترا ذکر سمندر کی یہ لہریں
گلشن میں عنادل کی صدا حمد ہے تیری

کلیوں کی مہک باغ میں غنچے کا چٹکنا
قمری کی سرِ شاخ نوا حمد ہے تیری

مظہر ہیں ترے حسن کا بہتے ہوئے چشمے
وادی کی سکوں بخش فضا حمد ہے تیری

کرتی ہے ترا ذکر شب و روز کی گردش
مہر و مہ و انجم کی ضیا حمد ہے تیری

والفجر ہو والشمس ہو والنجم کہ اخلاص
قرآن بھی اے ذات ورا حمد ہے تیری

سینے میں دھڑکتا ہوا دل تیرا ثنا گو
بندے کی بصد عجز دعا حمد ہے تیری

Marfat.com

باقی بھی تری ذات ہے قیوم بھی تو ہے
خوش بخت ہے جس لب پہ سدا حمد ہے تیری

ہر شعر تری حمد کا انعام ہے تیرا
اک حمد کی جاں بخش جزا حمد ہے تیری

شہزاد ترے نام کا ذاکر ہے ازل سے
آئینۂ الطاف و عطا حمد ہے تیری

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

ذاتِ قدیم صاحبِ ہر فخر و ناز ہے
ستّار ہے صمد ہے وہی بے نیاز ہے

رہتا ہے مہربان دو عالم پہ ہر گھڑی
میرا خدا کریم ہے، بندہ نواز ہے

جھکتے ہیں اس کے آگے ملک بھی رسول بھی
سارا اسی کے واسطے عجز و نیاز ہے

نغمہ سرائے حمد ہے بارش کی بوند بوند
دستِ صبا میں اس کی عقیدت کا ساز ہے

Marfat.com

جلوہ گری اسی کی ہے نرگس کی آنکھ میں
اس کے کرم سے کاکلِ سنبل دراز ہے

وہ کھولتا ہے گنبدِ بے در میں کھڑکیاں
دنیا میں اس کا لطف بلا امتیاز ہے

کرتا ہے روز ایک نئی شان سے ظہور
یہ اختلاف صبح و مسا اس کا راز ہے

معبود ہے مجید و معین و مغیث بھی
مشکل کشا وہی ہے وہی کارساز ہے

اِیَّاکَ نَعْبُدُ کہیں اِیَّاکَ نَسْتَعِیْن
معراجِ بندگی کا ذریعہ نماز ہے

لرزاں ہیں ارض و کوہ و فلک اس کے سامنے
اللہ کا کلام بڑا جاں گداز ہے

Marfat.com

انوارِ اسم ذات کی تاثیر کے طفیل
دل میں ہے کیف روح میں اک اہتزاز ہے

جب موت ہے وسیلۂ دیدارِ ذاتِ حق
پھر آدمی کو موت سے کیوں احتراز ہے

رہتے سدا ہیں اس کے خزانوں کے منہ کھلے
ہر لحظہ اس غنی کا درِ جود باز ہے

پاتا ہے ذاتِ حق سے وہ توفیق نعت کی
شہزادؔ اس کے فضل سے جو سرفراز ہے

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

گر آنکھ سو بھی جائے تو کرتا ہے اپنا کام
دل کو ہے اسمِ ذات سے کچھ ایسا التزام

تسبیح خواں ہیں اس کے سمک تا سما سبھی
ہر دل میں اس کی یاد ہے ہر لب پہ اس کا نام

قمری کے زمزمے میں ہے تمجیدِ کردگار
کوئل کے لب پہ اس کا ترانہ ہے صبح و شام

مسجودِ خشک و تر ہے وہی ذات لاشریک
ہے بحروبر میں اس کی عبادت کا اہتمام

Marfat.com

دیتا ہوں اس کو آیۂ لا تقنطوا سے مات
جب بھی مجھے ستائے ہے میرا خیال خام

در پیش آدمی کو ہے لغزش قدم قدم
آتا ہے تھامنے کو کرم اس کا گام گام

مبدا ہر ابتدا کا وہی ذات لایزال
ہر انتہا کا اس کی مشیّت پہ اختتام

شہزاؔد جس کا حامی و ناصر ہو خود خدا
رہتا نہیں وہ شخص زمانے میں بے مرام

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

خدایا حاکمِ مطلق ہے تو ہر ایک عالم کا
جھکا ہے سر تری سرکار میں ہر قیصر و جم کا

گدائے بارگاہِ پاک ہوں، مارا ہوا غم کا
بھرم رہ جائے یا رحمٰن! میرے دیدۂ نم کا

شبِ اسریٰ تری قدرت کے سب نے معجزے دیکھے
ستارہ بن کے ہر ذرّہ زمیں کا عرش پر چمکا

زمین و آسماں کا نور ہے تو خالقِ اکبر!
تری عظمت کہ تو معبود ہے نورِ مجسم کا

Marfat.com

شرف ہر عبد کا ہے بندگی مولائے کُل! تیری
تری حمد و ثنا اعزاز ہے ہر ابنِ آدم کا

قضا و قدر کی بنیاد ہے تیرے ارادوں پر
نظامِ ہست و بود اظہار ہے اِک امرِ محکم کا

کھڑا ہے خیمۂ افلاک حرف ''کُن'' کی قوت سے
یہ فرشِ خاک آئینہ ہے تدبیر منظم کا

مدارِ زندگی ہے اک ترے ذکرِ مسلسل پر
یہ دنیا چار دن کی ہے، بھروسا کچھ نہیں دم کا

مجھے شہزاؔد اس کے لطف کی امید رہتی ہے
کہ میں ہوں بندۂ ناچیز اس رحمٰن و ارحم کا

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

نفسِ امّارہ نے جب طوفاں کوئی برپا کیا
رحمتِ غفّار نے بڑھ کر اسے سیدھا کیا

مالکِ کونین ہے وہ خالقِ ہر خشک و تر
ماہ و ماہی کو اسی خلّاق نے پیدا کیا

ہر گھڑی آفاق میں ہے لطف و رحمت کا ورود
اس کے بے پایاں کرم نے خلق کو شیدا کیا

اللہ اللہ پیکرِ خاکی کو یہ بخشا شرف
اس نے آدم کو خلیفہ دہر میں اپنا کیا

Marfat.com

سورۂ والنّجم کی آیات سے ہے یہ عیاں
عرش پر دیدارِ حق آقا نے بے پردہ کیا

دی شہادت خود خدا نے کہہ کے مازاغ البصر
آپ بلوا کر نبی کو فائز "اَوْحیٰ" کیا

رافع ذکرِ نبی ہے خود خدائے ذوالجلال
مصطفیٰ کے ذکر کو مولا نے خود اونچا کیا

ہوگی عالی شان اے شہزاد کس درجہ وہ ذات
اپنے اک بندے کو جس نے خلق کا مولا کیا

Marfat.com

# حمد ومناجات

(عربی سے ترجمہ)

امام محمد بن ادریس الشافعی رحمتہ اللہ علیہ

مرا دل اے مرے مولا ہے عاشق تیری رحمت کا
وہ روز و شب ہوں یا عالم ہو خلوت اور جلوت کا
جو کچی اور پکی نیند میں پہلو بدلتا ہوں
تو تیری یاد کو روح و نفَس کے بیچ پاتا ہوں
ترا عرفان میرے قلب پر احسان ہے تیرا
کہ اے اللہ تو ہے نعمتوں اور پاکیوں والا
مرے عصیاں اگرچہ سب کے سب تھے علم میں تیرے
نہ رسوا مجھ کو فرمایا، سبب میرے گناہوں کے
مجھے بھی صالحین میں کر شمار اور مجھ پہ کر احساں
نہ مجھ پر ڈال جب ہو امرِ دینی میں کوئی خلجان
یہاں بھی اور وہاں بھی میرے اوپر مہرباں رہنا
بروز حشر ''آیات عبس''☆ میں جو ہے وہ کرنا

---

☆ وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ○ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ○ (عبس: ۳۸، ۳۹)

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

صبر، انکسار، شکر، صداقت، کرم، سخا
کرتی ہیں یہ صفات ہی بندے کو حق نما

کرتا ہے رزق مسلم و منکر کو وہ عطا
کس درجہ ساری خلق پہ ہے مہرباں خدا

رہتے ہیں ذوالجلال کے جلووں میں گم سدا
آئینۂ صفاتِ الٰہی ہیں اولیا

سیراب ہیں لطائفِ خمسہ کی کھیتیاں
ہے نور بار عالمِ لاہوت کی گھٹا

Marfat.com

دربارِ ذوالجلال میں ہوتی ہے باریاب
مظلوم کے لبوں سے نکلتی ہے جو دعا

کرتا ہے وہ قدیر ہی ذرّے کو آفتاب
صرصر کو لمحہ بھر میں بناتا ہے جو صبا

مدّاح اس کے سرو و سمن شاخ و برگ و بار
تسبیح گو ہیں اس کے سبھی ارض تا سما

مولا کی بارگاہ سے ہوتی نہیں ہے ردّ
بندہ کرے حضوریِ دل سے جو التجا

شہزاد اس کی حمد کا یارا۔ بھلا کسے
"لا اُحْصِیْ" جس کی حمد میں کہتے ہیں مصطفیٰ

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

جو صحنِ جاں میں ہوائے حریم پاک چلے
رہِ کرم پہ ہمیشہ یہ مشتِ خاک چلے

فرشتے رحمتیں لے کر تری اترتے رہیں
نوازشات کی یونہی جہاں میں ڈاک چلے

مرے خدا مجھے اپنی پناہ میں رکھنا
ترے جلال کی آندھی جو ہولناک چلے

کریم تیرے کرم کا مجھے سہارا ہے
یہ نفس جب بھی چلے چال خوفناک چلے

Marfat.com

ترے جلال کا تھا عکس ان کے لہجے میں
ترے شہید بٹھا کر جہاں پہ دھاک چلے

خدا کی رحمتیں بھی ہم رکاب تھیں شہزاد
"جو سوئے عرشِ معلّٰے رسولِ پاک چلے"

❖

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

وہ صاحبِ کُن، مالکِ کل، خالقِ انوار
وہ قادرِ مطلق ہے ہر اک چیز کا مختار

رحمٰن و رحیم اور ہے سبحان و صمد بھی
قہّار ہے جبّار ہے ستّار ہے غفّار

پروان چڑھاتا ہے وہ دانے کو زمیں میں
اور اس کو بناتا ہے وہی نخلِ ثمر بار

تسبیح میں مشغول ہیں اس کی مہ و ماہی
الحمد کا قائل ہے وہی حمد کا حق دار

Marfat.com

ہر عکس ہے آئینۂ اوصافِ مصوّر
یہ ارض و فلک صنعتِ باری کا ہیں شہکار

خلّاقِ دو عالم کی تجلّی کا ہیں پَر تو
مچھلی ہو سمندر میں کہ ہو مہرِ ضیا بار

ہے معجزۂ حسن ہر اک منظر فطرت
تفسیر ہیں جنّت کی چمن، چشمہ و کہسار

آباد ہر اک دشت میں حیرت کا جہاں ہے
اسرار و معارف کا دبستاں ہے چمن زار

اک واسطہ ہے بندہ و معبود کے مابین
وہ باعثِ کن منبع و سرچشمۂ انوار

ہیں نغمہ گرِ حمد و ثنا بحر کی موجیں
اور وجد کے عالم میں گل و غنچہ و اشجار

معراج ہے شہزآد یہی میرے ہنر کی
ہوں واصفِ خلّاقِ جہاں، ناعتِ سرکار

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

وہی لوگ لائقِ رشک ہیں جو یہ کام خیر سے کر گئے
وہ جو عازمینِ حرم ہوئے وہ جو اپنے مولا کے گھر گئے

جو نگاہِ لطف و کرم ہوئی سبھی گرد روح کی چھٹ گئی
لیا اسمِ ذاتِ عظیم جب تو خمار سارے اُتر گئے

دیا لطف خوب صیام نے مجھے یوں نوازا قیام نے
تہہِ جسم جتنے نقوش تھے اسی روشنی سے نکھر گئے

ہے صدا کلام قدیم کی کہ چھڑا ہے نغمۂ داؤدی
اسی سیل نور سے نفس کے سبھی تار و پود بکھر گئے

Marfat.com

وہ قسم خدا کی شہید ہیں وہ قریب ربِّ مجید ہیں
جو رہِ وفا پہ چلے سدا جو خدا کے نام پہ مر گئے

ہے خدا کا حکم ادب سے آ وہاں سر جھکا کے تو رہ کھڑا
"وہ جہاں جہاں بھی ٹھہر گئے وہ جہاں جہاں سے گزر گئے"

جو ہیں جان و دل سے محمدی وہی اولیاء ہیں مجدّدی
جو خدا کے سامنے جھک گئے جو خدا کے غیض سے ڈر گئے

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

گئے گزروں کو آخر بندگی کرنے کا ڈھب آیا
"گنہگاروں کے ہونٹوں پر درودِ پاک جب آیا"

حصارِ نورِ اسم ذات جس دل کو ہوا حاصل
قریب اس دل کے کوئی خطرۂ ابلیس کب آیا

کوئی قرآن کی آیت ہو یا ارشادِ قدسی ہو
زبانِ مصطفیٰ سے ہو کے ہی فرمانِ رب آیا

قیامت تک ہے دنیا میں یہی اللہ کی رسی
لئے قرآن جگ میں اک نرالی تاب و تب آیا

Marfat.com

کہیں ''والنجم'' کی صورت کہیں ''والطارق'' کہہ کر
قسم فرمائی اس محبوب کی جو وقت شب آیا

نہ خالی لوٹ کر جائے درِ الطاف سے تیرے
ترا بندہ ترے در پر الٰہی جاں بلب آیا

سرِ بزمِ جناں حمد و ثنا کے لے کے نذرانے
کہا احباب نے وہ دیکھئے شہزاد اب آیا

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

کہاں کے یہ زبان و لب مرا رنگِ ثنا کیا ہے
یہ حسنِ صوت یہ طرز بیاں، فکرِ رسا کیا ہے

جمالِ خالق یکتا کا مظہر ہیں سبھی منظر
''یہ کلیاں، پھول، غنچے، رنگ و بو، موجِ صبا کیا ہے''

زمین و آسماں، یہ بحر و بر، مہر و مہ و انجم
بس ان کو دیکھ لو اور جان لو شانِ خدا کیا ہے

عنایت ہے تری فیضان ہے جود و کرم تیرا
مرے دامن میں میرا اے مرے ربِّ علا کیا ہے؟

Marfat.com

خدا کے نام پر جس نے فدا کی زندگی اپنی
کھلا اس بندۂ حق پر فنا کیا ہے، بقا کیا ہے

تشکر، انکساری، عاجزی، گریہ، پشیمانی
نہیں ہے بندگی تو پھر مناجات و دعا کیا ہے

یہ ابھرا مطلعِ باطن سے کس کے نام کا سورج
یہ کس کے فیضِ وحدت نے بھلایا ماسوا کیا ہے

یہ میرے حجرۂ قلب حزیں میں کون رہتا ہے
دلِ شہزاد سے جو اٹھ رہی ہے یہ صدا کیا ہے

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

اک عہدِ بے مثال ہے اِیّاکَ نَعْبُدُ
تجدیدِ ذوالجلال ہے اِیّاکَ نَعْبُدُ

اِیّاکَ نستعین ہے مقصودِ اہلِ دل
منشورِ اہلِ حال ہے اِیّاکَ نَعْبُدُ

دیباچۂ کتابِ الٰہی ہے فاتحہ
اور مرکزی خیال ہے اِیّاکَ نَعْبُدُ

وحیِ اللہ بھی ہے یہ قولِ ثقیل بھی
پیغامِ لازوال ہے اِیّاکَ نَعْبُدُ

Marfat.com

اس سے عیاں قرینۂ اظہارِ بندگی
تکمیلِ حال و قال ہے اِیّاکَ نَعۡبُدُ

منزل بھی راستہ بھی عقیدہ بھی ذکر بھی
ہر طور نیک فال ہے اِیّاکَ نَعۡبُدُ

تقریب وصلِ عابد و معبود ہے نماز
کیفیّتِ وصال ہے اِیّاکَ نَعۡبُدُ

دنیا و آخرت میں مسلمان کے لیے
تمہیدِ ہر کمال ہے اِیّاکَ نَعۡبُدُ

پوشیدہ ان حروف میں ہے روحِ بندگی
قرآن کا جمال ہے اِیّاکَ نَعۡبُدُ

ہے سرمدی سرُود یہ فرمانِ لَمۡ یَزَلۡ
برتر زِ ماہ و سال ہے اِیّاکَ نَعۡبُدُ

Marfat.com

جاتا ہے۔ جو صفات سے موصوف کی طرف
وہ جادۂ وصال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

وردِ زبانِ بوذر و سلمان و مرتضیٰ
ذوقِ دلِ بلال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

بندہ ہوا ہے فائزِ معراجِ بندگی
کیا خوب اشتغال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

نسخہ یہ ہے حصولِ فیوض و فلاح کا
سرکوبِ ہر وبال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

دل سے نکالتا ہے غمِ روزگار کو
ہاں دافعِ ملال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

اَلْحَمْدُ کے بیاں سے وَلَا الضَّآلِّیْن تک
اِک نقطۂ کمال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

شہزادؔ کو نصیب ہو مولا وہ بندگی
جس بندگی پہ دال ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

قرآن کی زبان میں ہوں محوِ گفتگو اِیَّاکَ نَعۡبُدُ
گویا ہوئے ہیں عابد و معبود روبرو اِیَّاکَ نَعۡبُدُ

حاضر ہوں دست بستہ تری بارگاہ میں لے لے پناہ میں
آیا ہوں کرکے آج میں اشکوں سے پھر وضو اِیَّاکَ نَعۡبُدُ

سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر ہے تو رحیم اے قادرِ کریم
بھر دے مئے فیوض سے میرا بھی اب سبو اِیَّاکَ نَعۡبُدُ

تجھ کو ہے میرے باطنی احوال کی خبر اے خالقِ بشر
تجھ پر عیاں خلوص مرا میری جستجو اِیَّاکَ نَعۡبُدُ

Marfat.com

درکار پھر ہے روح کو تطہیر کا عمل اے ربّ لم یزل
پھر قلب کو عطا ہو وہی ذوقِ آرزو اِیّاکَ نَعْبُدُ

دشت وچمن میں تیری ہی قدرت کے رنگ ہیں سب لوگ دنگ ہیں
جاری ہے ہر گھڑی تری رحمت کی آبجو اِیّاکَ نَعْبُدُ

کیسا یہ اسمِ ذات کے حرفوں میں نور ہے کیف و سرور ہے
مستی میں جھوم جائے ہے ہر موجۂ لہو اِیّاکَ نَعْبُدُ

سجدے کو بے قرار تھی شہزاؔد کی جبیں اے اصلِ ہر حسیں
جونہی سنا تھا امر ترا اس نے "اُسْجُدُوْا" اِیّاکَ نَعْبُدُ

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

تو خالقِ عظیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین
تو قادر و کریم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

ہم غرق معصیت ہیں مگر اے غفور تو
ہر حال میں رحیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

تو مبدی و معید ہے قیوم و ذوالجلال
سبحان ہے علیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

فانی ہر ایک چیز ہے اس کائنات کی
تو باقی و قدیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

Marfat.com

فریاد رس ہے آدم و نوح و خلیل کا
تو مرجعِ کلیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

تیرا جمال غنچہ و گل سے ہے ضوفشاں
تو باری و کلیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

انعام جن پہ تو نے کیا ان کا راستہ
بس راہِ مستقیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

شہزآد کو حضور کے صدقے میں ہو نصیب
جو جنّتِ نعیم ہے اِیَّاکَ نَستَعِین

❖

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

کتاب حکمت و دانش کی ابتدا ادراک
خدائے لوح و قلم کا کرم عطا ادراک

میانِ عابد و معبود رابطے کی سبیل
حصولِ فیضِ الٰہی کا واسطہ ادراک

ہنر دیا ہے اسی نے قلم چلانے کا
اسی کا فضل ہیں علم، آگہی، نوا، ادراک

دلِ بشر پہ وہ کرتا ہے منکشف اسرار
ہے، اس کے لطف و نوازش کا سلسلہ ادراک

Marfat.com

شہِ رُسل کی حقیقت سے آشنا ہے وہی
اور اس کی ذات کا رکھتے ہیں مصطفیٰ ادراک

زمینِ روح پہ برسا کے بارشِ الہام
مجھے بھی بخش دے اپنا مرے خدا ادراک

فضائے حمد میں شہزادؔ جب بھی سانس لیا
تجلیّات سے معمور ہوگیا ادراک

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

صبح دم جب کسی طائر کی صدا آتی ہے
لب پہ بے ساختہ بس حمدِ خدا آتی ہے

پھرنے لگتے ہیں مری آنکھ میں میزاب و حطیم
یاد جب صحنِ مقدّس کی فضا آتی ہے

کوئی فن اور ہنر پاس نہیں ہے میرے
تیرے محبوب کی بس حمد و ثنا آتی ہے

مشکلیں جب کہیں آتی ہیں سر راہِ حیات
دستگیری کو وہیں تیری عطا آتی ہے

Marfat.com

امتِ خیرِ مجسّم کو بھی ہو خیر نصیب
ہر گھڑی لب پہ یہی ایک دعا آتی ہے

ساتھ لے آتی ہے محرابِ حرم کی خوشبو
جب مدینے سے کوئی موجِ صبا آتی ہے

خواہشِ نفس کا شہزآد چھٹے دل سے غبار
تب کہیں جا کے سمجھ شانِ خدا آتی ہے

❖

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

بخش مولا مرے دل کو بھی وہی سوز و گداز
جس خشیت سے مشرف تھے کبھی اہلِ حجاز

جس کی ہر ضرب میں ہوتا ہے نہاں نغمۂ حق
اسی مضراب کا طالب ہے مری روح کا ساز

ذوقِ سجدہ بھی عطا ہو مری پیشانی کو
تیری محراب میں خم ہو یہ مرے بندہ نواز

مانگتا ہوں ترے دربار سے مولا میں بھی
جو دمکتا ہے جبینوں میں وہی عجز و نیاز

Marfat.com

دامنِ شافعِ محشر ہے مرے ہاتھوں میں
مغفرت کو میری کافی ہے یہی ایک جواز

یہ بھی تیری ہی عنایات کا اک پہلو ہے
''دل کے پردوں میں مچلتی ہے تمنائے حجاز''

تیری توفیق سے اٹھتے ہیں خودی کے پردے
تیری تائید سے ہوتے ہیں عیاں ذات کے راز

یہ سمجھنا ہو تو پتوں کی لکیریں دیکھو
کیسے جاتی ہے حقیقت کی طرف راہِ مجاز

مجھ سے عاصی کو بھی محبوب سے نسبت بخشی
بس اسی ایک نوازش پہ ہے شہزاد کو ناز

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

دلِ تیرہ کو چمکاؤں مجھے توفیق دے مولا
تجھے میں یاد کر پاؤں مجھے توفیق دے مولا

مری سانسیں ترے اسمِ گرامی سے معطّر ہوں
مشامِ جاں کو مہکاؤں مجھے توفیق دے مولا

فساد و شر سے میں فرشِ زمیں کو صاف کر ڈالوں
ہمیشہ امن پھیلاؤں مجھے توفیق دے مولا

مرے قول و عمل سے کوئی دل زخمی نہ ہو یا رب
سراپا خیر بن جاؤں مجھے توفیق دے مولا

Marfat.com

سلیقہ دے مرے مالک مجھے حسن تکلّم کا
زباں سے پھول برساؤں مجھے توفیق دے مولا

کہوں حق بات میں دربار میں سلطانِ جابر کے
میں ہر باطل سے ٹکراؤں مجھے توفیق دے مولا

مرا دشمن بھی میری راہ میں کانٹے بچھائے تو
میں اس پر پھول برساؤں مجھے توفیق دے مولا

تعلق مستقل ہو جائے یوں ارضِ مدینہ سے
ترے گھر بار بار آؤں مجھے توفیق دے مولا

تری تائید کا ہر وقت ہو سر پر مرے سایہ
میں مشکل میں نہ گھبراؤں مجھے توفیق دے مولا

یہاں بھی لوگ پہچانیں مجھے تیرے حوالے سے
وہاں بھی تیرا کہلاؤں مجھے توفیق دے مولا

تری حمد و ثنا شہزاد کے قلب و زباں پر ہو
میں تیرے گیت بس گاؤں مجھے توفیق دے مولا

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

ہر وقت رہے دل میں تری یاد الٰہی
یہ شہر ہمیشہ رہے آباد الٰہی

مغلوب نہ ہو جاؤں کہیں نفس کے ہاتھوں
ہر حال میں درکار ہے امداد الٰہی

دل میں ہے ترے دین کی خدمت کی تمنا
مقصود نہیں مسندِ ارشاد الٰہی

بس لاج سرِ حشر گنہگار کی رکھنا
ہو جائے نہ محنت کہیں برباد الٰہی

Marfat.com

میرے کسی دشمن کو بھی تکلیف نہ پہنچے
میرے سبھی احباب رہیں شاد الٰہی

ہر شعر سے مطلوب فقط تیری رضا ہو
مٹ جائے دلوں سے ہوسِ داد الٰہی

آباء کو مرے بخش دے اے بخشنے والے
قائم رہے دیں پر مری اولاد الٰہی

ہے خوار و زبوں سرورِ کونین کی اُمت
فریاد ہے فریاد ہے فریاد الٰہی

تو ارض و سمٰوات کا خالق ہے خدایا
یہ دشت و جبل ہیں تری ایجاد الٰہی

تخلیق تو تو نے ہی کئے ہیں یہ عناصر
وہ آب ہو یا خاک ہو یا باد الٰہی

Marfat.com

تو نے ہی بنایا اسے فِیۡ اَحۡسَنِ تقویم
انساں تو ہے مجموعۂ اضداد الٰہی

کھاتے ہیں ترا رزق سبھی کافر و مسلم
تو مالک کل ابرِ اجواد الٰہی

حق تیری عبادت کا ادا ہو نہیں سکتا
جتنی بھی عبادت کرے شہزاد الٰہی

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

مرا سرمایۂ ہستی تری حمد و ثنا مولا
تری توفیق سے پایا یہ گنج بے بہا مولا

تو لا محدود میں محدود کیا تعریف ہو مجھ سے
نہ تیری ابتدا مولا نہ تیری انتہا مولا

دلِ بے تاب کی تسکیں ہے تیری یاد میں یا رب
ترے تذکار کی لذت ہے کتنی جاں فزا مولا

میں کیسے مان لوں رسوا کیا جائے گا محشر میں
ترے محبوب کا جو شخص ہو مدحت سرا مولا

Marfat.com

جزا کے دن تو اس خوش بخت کو کتنا نوازے گا
تری خاطر خفا سارے جہاں سے جو رہا مولا

ازل سے کر رہے تھے جستجو تیری جہاں والے
بتایا ہے ترے محبوب نے تیرا پتا مولا

تری توحید پر اہلِ جہاں ایمان لے آئے
تری برہان بن کر آگئے جب مصطفیٰ مولا

تری صنعت کا ہیں شہکار یہ مہر و مہ و انجم
تری قدرت کے ہیں عکاس یہ ارض و سما مولا

طواف کعبۂ اقدس کی پھر توفیق دے مجھ کو
حریمِ جاں میں بھی اک دلنشیں کعبہ بنا مولا

کرم شہزاد پر فرما بھی دے اے قادرِ مطلق
کھڑا ہے ہاتھ پھیلائے ترے در پر گدا مولا

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

گو جدا ہاتھ سے قلم نہ ہوا
تیرا اک وصف بھی رقم نہ ہوا

کون سی شب تھی فضل سے خالی
کون سے دن ترا کرم نہ ہوا

یہ بھی تیری ہی مہربانی ہے
میں جو مشغولِ کیف و کم نہ ہوا

سر وہ کس کام کا بھلا یا رب
تیری دہلیز پر جو خم نہ ہوا

Marfat.com

جب سے بخشی ہے بندگی تو نے
دل کبھی مائل حشم نہ ہوا

جب سے ''لا تَقْنَطُوا'' کہا تو نے
کوئی دکھ درد رنج غم نہ ہوا

میں مدینے میں مر تو سکتا ہوں
گو وہاں پر مرا جنم نہ ہوا

اُس کو بھی اپنا گھر دکھا مولا
جو کبھی مائلِ حرم نہ ہوا

گو کہ ہوں لاالٰہ کا قائل
مجھ سے اک بت بھی منہدم نہ ہوا

اپنی خواہش کا میں پُجاری ہوں
مجھ سے تسخیر یہ صنم نہ ہوا

درج شہزادؔ جو ہے قرآں میں
کوئی بھی اَمر کالعدم نہ ہوا

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

میٹھی نیند سلاتا ہے تو دن کو ہمیں جگاتا ہے تو
چیر کے سینہ ظلمتِ شب کا نیا سویرا لاتا ہے تو

اپنی حمد کے نغمے مولا خود ہی ہمیں سناتا ہے تو
اپنا ہر دم آپ تعارف بندوں سے کرواتا ہے تو

پھر بھی تو بے رنگ ہے مولا گو سب رنگ بناتا ہے تو
اپنی جانب آنے والے رستے سب سمجھاتا ہے تو

کس حسنِ تدبیر سے یارب کائنات چلاتا ہے تو
گلشن گلشن پھول کھلا کر روئے ارض سجاتا ہے تو

Marfat.com

تو رحمٰن رحیم خدایا مشکل میں کام آتا ہے تو
تو دیتا ہے سب کو روزی سب منگتے ہیں داتا ہے تو

تیرے نام کا ورد رکھے جو اس کی شان بڑھاتا ہے تو
جل تھل ہو جاتی ہے دھرتی بارش جب برساتا ہے تو

ہوتی ہے جس وقت ضرورت میرا رزق بڑھاتا ہے تو
پیاس لگے جب صحراؤں کو پانی انہیں پلاتا ہے تو

تیرا در میں کیسے چھوڑوں میرے من کو بھاتا ہے تو
تجھ سے ہے ایماں کی حرارت جذبوں کو گرماتا ہے تو

کسی کسی کو پاس بلا کر اپنا آپ دکھاتا ہے تو
تو ہے ہفت افلاک کا خالق سورج شرق سے لاتا ہے تو

ہو شہزادؔ پہ فضل الٰہی
ارحم خود کہلاتا ہے تو

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ

رُوبرو ہے حرم تیری توفیق سے
در پہ حاضر ہیں ہم تیری توفیق سے

لائقِ بارگاہِ کرم ہم نہ تھے
ہو گیا ہے کرم تیری توفیق سے

دُھل گئے سب گناہوں کے دفتر یہاں
ہو گئی آنکھ نم تیری توفیق سے

ملتزم سے لپٹنے کی تھی آرزو
رہ گیا ہے بھرم تیری توفیق سے

Marfat.com

پاس آئے نہیں دل کو بھائے نہیں
اہلِ جاہ و حشم تیری توفیق سے

تیرے دامانِ رحمت سے لپٹے ہیں ہم
تیرے فضل و کرم تیری توفیق سے

عشق ہے سرزمینِ عرب سے ہمیں
گو ہیں اہلِ عجم تیری توفیق سے

مجھ گنہگار کے ناتواں ہاتھ میں
آج ہے مُلتَزَم تیری توفیق سے

قید خواہش سے تو نے کیا ہے رہا
ٹوٹے دل کے صنم تیری توفیق سے

سب مسافر سفر کی تھکن بھول کر
ہوگئے تازہ دم تیری توفیق سے

Marfat.com

بوسۂ سنگِ اسود کی تاثیر نے
سب بھلائے ہیں غم تیری توفیق سے

میں کھڑا ہوں مقام براہیم پر
ہو کے ملت میں ضم تیری توفیق سے

سعی کرتے ہوئے دل سے جاتا رہا
خطرۂ بیش و کم تیری توفیق سے

روح گویا حرم کی فضاؤں میں ہے
ہے یہ نعمت بہم تیری توفیق سے

آبِ زمزم کا ساغر لیا ہاتھ میں
بھول کر جامِ جم تیری توفیق سے

آئے بیٹھے ہیں اہلِ نظر دید کو
میں ہوا محترم تیری توفیق سے

Marfat.com

جاں سے جاتی ہے گرد حرم گھوم کر
فکرِ بود و عدم تیری توفیق سے

میں نے قربان خود کو منیٰ میں کیا
مٹ گئے سب الم تیری توفیق سے

تو نے بخشا ہے شہزآد کو یہ ہنر
چل رہا ہے قلم تیری توفیق سے

❖

Marfat.com

# حمدِ رب تعالیٰ

سوزِ حفیظؔ دے مجھے ذوقِ ندیمؔ دے
فکرِ رسا نواز دے قلبِ سلیم دے

خیرات مِن لدُن کی مجھے اے علیم دے
حینِ حیات یوں مجھے خُلدِ نعیم دے

تو ذائقہ چکھا مجھے اپنی صفات کا
اپنے کرم سے کچھ تو مجھے بھی کریم دے

مجھ کو بھی شہرِ علم کی خیرات ہو نصیب
مولا مجھے بھی فہمِ الف لام میم دے

Marfat.com

ہو جائے لطفِ خاص ظلوم و جہول پر
اس بے ہنر کو جوہرِ نطقِ کلیم دے

ربِّ جہاں سنائیؔ و عطارؔ کے طفیل
جینے کے واسطے کوئی مقصد عظیم دے

ہر قلب کو نصیب ہو ذوقِ دلِ بلال
بوذر کا جس میں رنگ ہو ایسی گلیم دے

کس درجہ مہربان ہے انسانیت پہ تو
جذبہ یہ آدمی کو بھی ربِّ رحیم دے

ہم سانس لے رہے ہیں فضائے کثیف میں
باغ حبیب کی ہمیں مولا شمیم دے

یہ آخری دہائی ہے ماہِ صیام کی
پیغامِ رُستگاریِ نارِ جحیم دے

Marfat.com

تیرے نبی کی نعت کے ہمراہ اے جلیل
لکھتا رہوں میں حمد یہ عزمِ صمیم دے

شہزاد کے لیے یہ اثاثہ ہے بے بہا
حکمت کے مجھ کو لعل و گہر اے حکیم دے

Marfat.com

# حمدِ ربِ تعالیٰ

صلِ علیٰ کا ذکر ہے حمد و ثنا کے بعد
"اک مصطفیٰ کا نام ہے نامِ خدا کے بعد"

ہو گا نصیب خُلد میں روزِ جزا کے بعد
ملتا ہے جو سرور خدا کی رِضا کے بعد

کرتا ہے التفات وہ لطفِ مزید سے
عرضی جو بھیجتا ہوں نئی ہر دعا کے بعد

سنتا ہے سب کی عرض سمیع و بصیر خود
گو سیلِ التجا ہے ہر اک التجا کے بعد

Marfat.com

جائے گا اس کے پاس جو توبہ کئے بغیر
ہوگا بَری عذاب سے لیکن سزا کے بعد

توّاب ہے وہ ذات غفور و رحیم ہے
بخشش کی ہے امید اسی سے خطا کے بعد

کعبہ کے اردگرد فضائے مطاف میں
رحمت کا سلسلہ تھا کرم کی ہوا کے بعد

وقت اجل بھی حمد کی توفیق ہو مجھے
مدحِ نبی ہو لب پہ ثنائے خدا کے بعد

شہزاؔد کر وسیلۂ صدّیق اختیار
پہلے امام تو ہیں وہی مصطفیٰ کے بعد

Marfat.com

# حمدِ رب تعالیٰ

خدا گر نہ توفیق دے بندگی کی
نہیں پھر ضرورت ہمیں زندگی کی

وہ کیا آشنا ہوگا عرفان حق سے
نہیں جس نے لذت چکھی بے خودی کی

کہا حق نے محبوب ہے بس وہ میرا
کرے گا اطاعت جو میرے نبی کی

جہاں بھر میں ہے دربدر قوم مسلم
الٰہی ہیں تصویر ہم بے بسی کی

Marfat.com

میسر ہو اب فتحِ بابِ ہدایت
نہیں کوئی حد اپنی بے رہروی کی

خدایا! یہاں خضر و مہدی کئی ہیں
فزوں تر ہے لیکن روش گمرہی کی

کھلے پھر سے مولا چمن آرزو کا
چلیں پھر ہوائیں یہاں آشتی کی

سحر دم جو تجھ سے کریں التجائیں
ہوں مقبول یا رب دعائیں سبھی اس کی

خدا جس کا شہزاد ہو آپ ہادی
نہیں اس کو حاجت کسی رہبری کی

Marfat.com

# حمد و مناجات

خدایا رحم فرما سیّدِ کونین کا صدقہ
ہماری جھولیاں بھر سیّدِ دارین کا صدقہ

عطا ہو سائلوں کو بارگاہِ پاک سے کچھ تو
رفیقِ غار یعنی ثانیِ اثنین کا صدقہ

جلالت بخش دے فاروقِ اعظم کے وسیلے سے
سخاوت کر عطا عثمانِ ذوالنورین کا صدقہ

علوم حیدر کرّار سے حصّہ ملے ہم کو
علی کے نام سے پہلے ہے جواُس عین کا صدقہ

Marfat.com

کروں خدمت میں تیرے دین کی دن رات یا مولا
یہ ہمت دے رسول اللہ کی نعلین کا صدقہ

بفیض سیّدہ زہرا حیا و شرم دے ہم کو
حمیّت ہو عطا اس قوم کو حسنین کا صدقہ

مرا سینہ بھی نورِ حکمت و عرفان سے بھر دے
الٰہی اہلِ بیتِ مصطفیٰ سبطین کا صدقہ

بچا راہِ صفا کی مشکلوں سے اور خطروں سے
الٰہی غوثِ اعظم سیدِ ثقلین کا صدقہ

بفیض نقشبنداں نقشبندیّت پہ رکھ قائم
مرے ہادی و مرشد اور نورِ عین کا صدقہ

رہے شہزاؔد کی نسبت سدا شیخ مجدّد سے
الٰہی مطمئن دل کے سکون و چین کا صدقہ

Marfat.com

# قرآن کی شان

حمدِ ربّ ہے مصطفیٰ کی شان ہے قرآن میں
دین کی تعلیم ہے ایمان ہے قرآن میں

اِس کو مولا نے کہا ہے آپ فرقانِ حمید
اُس کی یکتائی کی ہر برہان ہے قرآن میں

نور کا منبع ہے یہ، حکمت کا بحرِ بے کنار
روشنی ہے علم ہے عرفان ہے قرآن میں

تزکیہ و صبر، تسلیم و رضا کا درس ہے
اک نظامِ عدل ہے، احسان ہے قرآن میں

Marfat.com

ولولہ انگیز ہیں آیات اس منشور کی
فرد کے ہر درد کا درمان ہے قرآن میں

زندہ کر دیتا ہے یہ اقوامِ مردہ کے ضمیر
قادر و قیّوم کا فیضان ہے قرآن میں

جس میں پوشیدہ ہیں الہام و فراست کے گہر
حکمت و اسرار کی وہ کان ہے قرآن میں

اس سے بڑھ کر اور کیا اعزاز ہو انسان کا
خود مخاطب عبد سے رحمان ہے قرآن میں

ہے یہی شہزادؔ رب کی آخری زندہ کتاب
ریب سے خالی ہے جو فرمان ہے قرآن میں

Marfat.com

# شان قرآن

حکمتیں ہیں نور ہے اسرار ہیں قرآن میں
ذاتِ ربِّ عرش کے انوار ہیں قرآن میں

رہنما و محسنِ انسانیت ہے یہ کتاب
کامیابی کے سبھی اطوار ہیں قرآن میں

زندگی میں بندگی کے رنگ بھر دیتا ہے یہ
ارفع و اعلیٰ سبھی اقدار ہیں قرآن میں

ناسخ و منسوخ ہیں کچھ محکم ومتشابھات
گھاٹیاں کچھ راستے خم دار ہیں قرآن میں

Marfat.com

ہے پیامِ زندگی یہ مردہ قوموں کے لئے
روح پرور، تازہ تر افکار ہیں قرآن میں

دیکھتے ہیں صفحہ در صفحہ انھیں اہلِ نظر
جلوہ فرما ہر جگہ سرکار ہیں قرآن میں

مصدر و مہبط ہیں وہ وحیِ خدا کا اس لئے
صاحب قرآن کے تذکار ہیں قرآن میں

زمزمہ تسبیح کا، نغمہ کہیں تہلیل کا
جانفزا و دلنشیں اذکار ہیں قرآن میں

قل ھواللہ اُحد ہے اس کی وحدت کا بیاں
کبریائی کے کئی آثار ہیں قرآن میں

سورۂ رحمان کی آیات میں جلوہ نما
اس کی قدرت کے حسیں شہکار ہیں قرآن میں

Marfat.com

اکبر و اصغر ہو کوئی یا ہو کوئی خشک و تر
گلشن و صحرا و نور و نار ہیں قرآن میں

ماضی و حال اور مستقبل کی ہے اس میں خبر
جلوہ گر شہزاد سب ادوار ہیں قرآن میں

Marfat.com

# شان بیت اللہ کی

یاد آتی ہے مجھے ہر آن بیت اللہ کی
ہے نرالی ہی جہاں میں شان بیت اللہ کی

روح کو سرشار کر دیتا ہے کعبے کا طواف
بارشِ انوار ہے پہچان بیت اللہ کی

عالمِ لاہوت تک ہے اس کی ہیبت کا اثر
کرتے ہیں تکریم عالمیان بیت اللہ کی

مصحفِ لاریب میں تاریخ ہے اس کی رقم
کہہ رہا ہے داستاں قرآن بیت اللہ کی

Marfat.com

ابرہہ کو عبدِ مطلب نے دیا تھا یہ جواب
ہے حفاظت کے لیے رحمان بیت اللہ کی

اس کے معماروں میں شامل ہیں براہیم و ذبیح
کیوں نہ پھر مضبوط ہو بنیان بیت اللہ کی

روشنی تقویٰ کی اس کے دل کو ہوتی ہے نصیب
کرتا ہے تعظیم جو انسان بیت اللہ کی

حق نے نورِ مصطفیٰ سے کر دیا روشن اسے
ہوگئی تھی جب فضا ویران بیت اللہ کی

زید کو شہزاد کا دل ہورہا ہے بے قرار
ہو زیارت ربِّ انس و جان! بیت اللہ کی

Marfat.com

# نعتِ

## رسولِ مقبول ﷺ

Marfat.com

# نعت

بھلا کیسے ہو ہم سے حق ادا توصیفِ احمد کا
سبق پڑھتے ہیں اس مکتب میں ہم تاحال ابجد کا

نظر صدّیق کی حسنِ بیاں ہو اُمِّ معبد کا
تو شاید کچھ بیاں ہو پائے ان کے قامت و قد کا

جسے حاصل ہوا اک ذرّہ بھی عشقِ محمد کا
وہ مشتِ خاک ہے مصداق بنیانِ مشیّد کا

ہر اک خوبی جہاں میں معتبر ہے ان کی نسبت سے
انہیں سے فرق ہے تا حشر قائم نیک اور بد کا

Marfat.com

خدائے وحدہٗ نے کر دیا ہے لاشریک ان کو
اُسی کو علم ہے ان کے کمالِ اوج کی حد کا

خدا کی رحمتیں بڑھ کر مرے لب چوم لیتی ہیں
زباں پہ میری جس دم نام آتا ہے محمد کا

خدا کے فضل سے مختار ہیں وہ حلّ و حرمت کے
انہیں کو علم ہے قرآن کے منشا و مقصد کا

فضیلت کی بنا تقویٰ پہ رکھی ہے شہِ دیں نے
کسی پہلو سے کم رُتبہ نہیں احمر سے اسود کا

ریاض خلد ہو عرشِ معلّیٰ ہو کہ بیت اللہ
ہے بالا تر مقام ان سے مرے آقا کے مرقد کا

ہیں جس کے سائے میں جبریل قمری وار نغمہ گر
نہیں ہے گلشنِ ہستی میں کوئی سرو اس قد کا

Marfat.com

سنا کوئی حکایت ہم کو بھی چشم فلک اُس کی
مدینہ میں ہوا تھا واقعہ جب ان کی آمد کا

تعارف کے لیے شہزآد عمر خضر بھی کم ہے
اگر ہو تذکرہ صرف ان کے اِک تلمیذِ ارشد کا

Marfat.com

# نعت

خدا حضور کا قرآں مرے حضور کا ہے
تمام عالمِ امکاں مرے حضور کا ہے

کرم ہے سرورِ دیں کا ہر ایک امت پر
ہر اک رسول پر احساں مرے حضور کا ہے

نوازشات ہیں عالم پہ ان کی ہر لحظہ
ہر آن فیض فراواں مرے حضور کا ہے

نگاہِ رشک سے تکتے ہیں اس کو قدسی بھی
جو خوش نصیب کہ مہماں مرے حضور کا ہے

Marfat.com

کئے ہوئے ہیں گوارا ہمیں جو ارض و سما
یہ سارا فیض میں قرباں مرے حضور کا ہے

یہ خَلق و اَمر کا سب اہتمام ان کے لیے
بہشت و عرش کا ساماں مرے حضور کا ہے

نہیں ہے ان کی شریعت میں جبر کا پہلو
تمام دین ہی آساں مرے حضور کا ہے

سنائی حشر سے پہلے "اَنَا لَهَا" کی نوید
یہ کس کمال کا فرماں مرے حضور کا ہے

یہ کس کا نام ہے گونجا خدا کے نام کے ساتھ
مرے حضور کا ہاں ہاں مرے حضور کا ہے

جو درمیان ہے شہزادؔ بیت و منبر کے
بہشت کا وہ گلستاں مرے حضور کا ہے

Marfat.com

# نعت

مجھ سے پھر عرضِ مدعا نہ ہوا
نعت کہنے کا حوصلہ نہ ہوا

جیسے ہیں مصطفیٰ کریم مرے
ایسا تو کوئی دوسرا نہ ہوا

جس کے نقش قدم پہ خضر چلے
ایسا تو کوئی مقتدا نہ ہوا

کوئی خورشید ہو کہ ماہ جبیں
سامنے آپ کے کھڑا نہ ہوا

Marfat.com

جس کو نسبت ہے آپ کے در سے
وہ مَرا تو مگر فنا نہ ہوا

کیا تعلق خدا کے ساتھ اسے
صدق دل سے جو آپ کا نہ ہوا

نعت شہزآد عرض کی تو مگر
ان کی مدحت کا حق ادا نہ ہوا

Marfat.com

# نعت

ایماں ہے بادباں تو ستارا ہے ان کا نام
دنیا کے اس بھنور میں کنارا ہے ان کا نام

معمور کردیا اسے انوارِ حمد سے
خالق نے کیا ہی خوب سنوارا ہے ان کا نام

وہ شخص سب کے دل میں اُترتا چلا گیا
جس نے بھی اپنے دل میں اتارا ہے ان کا نام

از فرش تابہ عرش ہے صلِّ علیٰ کی گونج
وردِ زباں ہمارا تمہارا ہے ان کا نام

Marfat.com

ایوانِ لا اِلٰہ کا اک معتمد ستون
شرعِ مبیں کی آنکھ کا تارا ہے ان کا نام

کھولا یہ راز اسمِ گرامی کی میم نے
تحمیدِ لم یزل کا اشارا ہے ان کا نام

لوح و قلم کو اسمِ گرامی سے ہے شرف
تقدیر کی جبیں کا ستارا ہے ان کا نام

ہے اصلِ حمد و حامد و محمود ایک ہی
کس کس طرح سے حق نے ابھارا ہے ان کا نام

اس نام ہی سے ارض و سما میں ہے روشنی
لاریب روشنی کا منارا ہے ان کا نام

مومن کا دل حریم مدینہ سے کم نہیں
مومن کے دل میں انجمن آرا ہے ان کا نام

Marfat.com

قربان کر رہا ہے وہ جاں ان کے نام پر
جس جس کو اپنی جان سے پیارا ہے ان کا نام

شہزادؔ میرے نطق کی معراج ہوگئی
میں نے زباں سے جونہی پکارا ہے ان کا نام

Marfat.com

# نعت

مجھ سے عاصی پہ رحمت کی حد ہوگئی
نعتِ محبوبِ ذاتِ صمد ہوگئی

مل گیا اتباعِ نبی کا ثمر
لو مری بندگی مستند ہوگئی

مصطفیٰ کی عنایت سے دل کی کلی
یوں کھلی کہ گلِ سرسبز ہوگئی

روزِ محشر شفاعت کا دفتر کھلا
فردِ عصیاں مری مسترد ہوگئی

Marfat.com

ہم کہاں کے بھلا لائقِ خُلد تھے
"نعتِ محبوبِ داور سند ہوگئی"

پھر سے "تقویمِ احسن" عطا ہو ہمیں
زیست آئینہ "فی کبدٍ" ہوگئی

جابجا ان کی شانیں ہیں قرآن میں
کوئی شد ہوگئی کوئی مدّ ہوگئی

نعت گوئی کی نعمت سے ہوں بہرہ ور
اب یہ نعمت بھی وجہِ حسد ہوگئی

جب سے مدحِ پیمبر کا خوگر ہوا
ہر عزازیل کو مجھ سے کدّ ہوگئی

ایک لشکر حوادث کا تھا سامنے
اُن کی رحمت سے حاصل رسد ہوگئی

Marfat.com

مُستنیر ان سے صبحِ ازل کی جبیں
ضوفشاں ان سے شامِ ابد ہوگئی

اہل جنت کہیں گے یہ سرکار سے
آج بیکس نوازی کی حد ہوگئی

ایسی توحید سمجھائی سرکار نے
ہر طرف "اَلاَحَدُ اَلاَحَدُ" ہوگئی

تھا جو روشن چراغِ رخِ مصطفیٰ
رشکِ مہتاب کُنجِ لَحد ہوگئی

یہ بھی فیضان ہے شافعِ حشر کا
خُلد مطلوبِ ہر نیک و بد ہوگئی

ہم جہنم میں شہزاؔد گرنے کو تھے
حائل ان کی شفاعت کی سد ہوگئی

Marfat.com

# نعت

بہ ہر نفس شہِ دیں پر ہزار بار درود
خدا کے ذات پیمبر پہ بے شمار درود

عجیب شان سے ہوتا ہے لطف بار درود
پڑھا کرے جو کبھی کوئی بے قرار درود

دلوں کو پاک یہ کرتا ہے ہر کدورت سے
محبتوں کی دکھاتا ہے رہگزار درود

بلندیاں بھی یہ دیتا ہے زیر دستوں کو
مٹے ہوؤں کو بناتا ہے نام دار درود

Marfat.com

یہ بندگی کو سُجھاتا ہے نت نئے آہنگ
رُخِ عروسِ عبادت کا ہے نکھار درود

خدا کی رحمتیں اس پر اُترتی رہتی ہیں
جو بھیجتا ہے محمد پہ بار بار درود

دھلے ہوئے ہوں جو کوثر میں وہ صلوٰۃ و ثنا
ڈھلے بہشت میں جو ہوں وہ طرح دار درود

کہو ادب سے حضور آپ پر صلوٰۃ و سلام
کبھی جو بھیجنا چاہو بہ اختصار درود

صلاۃ بھیجے گا اس پر مرا خدا دس بار
جو اُن کی ذات پہ بھیجے گا ایک بار درود

نماز میں بھی وہ کہتے ہیں ''السّلامُ علیکَ''
اذاں کے ساتھ بھی پڑھتے ہیں حق شعار درود

Marfat.com

چھلک رہا ہے مرے آنسوؤں سے رنگِ قبول
"مری دُعا کے گلے میں اثر کا ہار درود"

حریم قدس میں پہنچے نہ کیوں مری آواز
"مری دعا کے گلے میں اثر کا ہار درود"

عطا ہوا جو مجھے صاحب درود کا قرب
بروزِ حشر بنا وجہِ افتخار درود

جو تیری شان کے لائق ہو اے خدائے عظیم
تو ان پہ بھیج ہمیشہ وہ شان دار درود

بچائے رکھتا ہے شہزاد ہر مصیبت سے
درود خواں کے لیے ہے حسیں حصار درود

Marfat.com

# نعت

آرزوئے دیدۂ موسیٰ کو یوں پورا کیا
عرش پر دیدارِ حق آقا نے بے پردہ کیا

دوسرا ان جیسا کوئی پھر نہیں پیدا کیا
خلق میں خلّاق نے سرکار کو یکتا کیا

عالمِ بالا سے گزرے جب شہِ دیں بے حجاب
رُوئے تابانِ نبی کو عرش بھی دیکھا کیا

کہکشاؤں کو ملی حسنِ کفِ پا کی زکوٰۃ
نور کو بھی مستنیر اس نور نے ایسا کیا

Marfat.com

کیا تھا گر کچھ اور رہتے ساتھ تا قصرِ دنیٰ
طائر سدرہ نشیں یہ کیا شب اسریٰ کیا

پیکرِ آدم میں تھا نور محمد جلوہ گر
سب فرشتوں نے انہی کے نور کو سجدہ کیا

صاحب ایماں نے جانا "أَیُّکُمْ مِثْلِیْ" کو حق
دشمنِ ایماں انہیں خود سا بشر سمجھا کیا

دل کے گلشن میں اتر آئی بہارِ ہشت خلد
کشتِ جاں پر آپ کا ابرِ کرم برسا کیا

کس قدر لگتی ہے دلکش حضرت حسّاں کی بات
آپ سا خوش رُو کسی ماں نے نہیں پیدا کیا

آپ کی خلقت کو رکھا رب نے ہر خامی سے پاک
گویا خالق نے بھی جیسا آپ نے چاہا کیا

Marfat.com

آج پھر یاد آئے ہیں اہل جوار ذی سلم
آج خوب آنسو بہائے اور جی ہلکا کیا

یادِ طیبہ سے ملا شہزاد کچھ دل کو سکوں
نعت کے اشعار نے سینہ مرا ٹھنڈا کیا

Marfat.com

# نعت

مِلاؤں کیا میں کسی سے نظر مدینے میں
جھکا ہے بارِ ندامت سے سر مدینے میں

میں صبح و شام زیارت کو جاؤں روضے کی
الٰہی! کاش ہو میرا بھی گھر مدینے میں

سوائے ''لا'' کے سبھی کچھ جہاں سے ملتا ہے
کھلا ہوا ہے کرم کا وہ دَر مدینے میں

میں دیکھتا تھا مناظر حریمِ طیبہ کے
تھی ساتھ ساتھ مری چشمِ تر مدینے میں

Marfat.com

جمالِ نورِ مجسّم کو دیکھنے کے لیے
اُتر کے آگئے شمس و قمر مدینے میں

بہشت آپ ہے مشتاق جن کے جلووں کی
چھپے ہوئے ہیں وہ لعل و گہر مدینے میں

چمک اٹھے سبھی دیوار و در بقولِ اَنس
جب آئے خیر سے خیرالبشر مدینے میں

جو جارہی ہے گلستانِ خُلد کو سیدھی
ہے اِس کمال کی اِک رہ گزر مدینے میں

بفیضِ کیفِ مسلسل کبھی یہ لگتا ہے
تمام عمر ہوئی ہے بَسر مدینے میں

دعائیں ہم نے جو شہزاؔد ربّ سے مانگی تھیں
وہ ہوگئی ہیں سبھی بارور مدینے میں

Marfat.com

# نعت

جو ہو صدقِ طلب سلطان بحر و بر سے ملتا ہے
سکونِ دل، قرار جاں نبی کے در سے ملتا ہے

مدینہ میں ہے جلوہ گر مدینہ علم و حکمت کا
نشانِ جادۂ بخشش اسی رہبر سے ملتا ہے

خدا کی دوستی مشروط ہے ان کی اطاعت سے
پتا اللہ کا بس مصطفیٰ کے گھر سے ملتا ہے

نوازا ہے خدا نے سب رسولوں کو فضائل سے
کسی کا مرتبہ بھی میرے پیغمبر سے ملتا ہے؟

Marfat.com

شہادت سورۂ احزاب میں ہے اس عقیدے کی
قرارِ زندگانی لطفِ پیغمبر سے ملتا ہے

نہیں ہے کام توصیفِ نبی میں زورِ بازو کا
یہ توشہ بس عطائے خالقِ اکبر سے ملتا ہے

قلم سجدہ کناں رہتا ہے جو محراب مدحت میں
اسے فیضِ ثنا جبریل کے شہپر سے ملتا ہے

خذف ریزے ہوئے تسبیح خواں ان کی توجہ سے
جواب اس ڈھنگ سے سرکار کو کنکر سے ملتا ہے

تصور میں ترے بھی ہم نشیں شاید ہیں وہ گلیاں
تری آنکھوں کا نقشہ میری چشمِ تر سے ملتا ہے

غم ہستی سے میں شہزآد جب بے تاب ہوتا ہوں
مجھے اک حوصلہ سا گنبدِ اخضر سے مِلتا ہے

Marfat.com

# نعت

کیا بتائے بشر آپ کا مرتبہ جانتا ہے خدا ہی مقام آپ کا
آپ کا عشق ایمان کی جان ہے روح دین متیں احترام آپ کا

آپ خلقت میں لاریب ہیں اولیں آپ بعثت میں ہیں آخر آخریں
کون جانے بھلا ابتدا آپ کی کون جانے بھلا اختتام آپ کا

معرکہ ہے صلیب و علم کا بپا اہل اسلام باہم ہوئے بے وفا
کاش پھر کوئی رومی عجم سے اٹھے کاش پھر آئے کوئی غلام آپ کا

یانبی اس طرف پھر ہو چشم کرم ساری امت کا رہ جائے آقا! بھرم
دستِ اغیار میں ہے کلید حرم نرغۂ کفر میں ہے نظام آپ کا

Marfat.com

آپ کو انبیاء کی قیادت ملی آپ کو اصفیاء کی سیادت ملی
"سارے نبیوں میں اونچا مقام آپ کا سب پہ لازم ہوا احترام آپ کا"

آپ سے نور تھا ظلمتِ دہر میں آپ سے نور ہے ظلمتِ دہر میں
کام آیا تھا پہلے بھی نام آپ کا کام دے گا ہمیں اب بھی نام آپ کا

آپ کا ذکر شہزآد کی نظم میں آپ کا ذکر شہزآد کی نثر میں
اس عنایت کا ہو شکر کیسے ادا تذکرہ لب پہ ہے صبح و شام آپ کا

❖

Marfat.com

# نعت

خیرالوریٰ کہوں انہیں شمس الضحیٰ کہوں
صدر العلیٰ کہوں کبھی بدرالدجیٰ کہوں

کچھ کر کے اقتباس کلام مجید سے
طٰہٰ کہوں، نذیر کہوں، مصطفیٰ کہوں

زینت فزائے مسندِ محمود ہیں حضور
ایوانِ حشر کا انہیں صدر العلیٰ کہوں

جن کی کرن سے صبح ازل کو ملی ضیاء
ان کو شب الست کا بدرالدجیٰ کہوں

Marfat.com

اس درجہ نور باریاں ہوتی ہیں روح میں
جس درجہ اہتمام سے صلِ علیٰ کہوں

جی چاہتا ہے پھر ہو "بلیٰ" کا معاملہ
پھر سے بلیٰ کے ساتھ میں صلِ علیٰ کہوں

میرا درود اور ہے اس کا درود اور
کیسے بھلا میں خود کو شریکِ خدا کہوں

وہ جن کا ذکرِ خیر کیا تھا مسیح نے
اللہ کے خلیل کی ان کو دعا کہوں

آنکھوں میں ہیں مناظرِ فردوس گام گام
ارضِ حرم کو ساحلِ موجِ بقا کہوں

شہزاد بھیجتا ہے خدا جس پہ خود درود
اس ذات کو بزرگ میں بعد از خدا کہوں

Marfat.com

# نعت

صحرا میں گلِ سبز دمکتا نظر آیا
وہ دیکھیے وہ گنبدِ خضرا نظر آیا

گلزار مدینہ کے ہر اک غنچہ و گُل میں
پنہاں مجھے فردوس کا نقشہ نظر آیا

سرکار دو عالم کی عنایت سے عطا سے
بگڑا ہوا ہر کام سنورتا نظر آیا

انوار سے معمور ہے وہ خاک ابھی تک
ہر ذرّہ سے خورشید ابھرتا نظر آیا

Marfat.com

ماننِدِ شبِ قدر ہے طیبہ کی ہر اک شب
ہر صبح کا چہرہ تر و تازہ نظر آیا

کہتے ہیں جسے مسندِ محمود کا وارث
محشر میں شفاعت کو وہ تنہا نظر آیا

جب دیکھا جدھر دیکھا دیارِ شہِ دیں میں
ہر سمت وہی نور سراپا نظر آیا

شہزاد مدینہ کے مناظر میں مجھے تو
عکسِ شہِ کونین جھلکتا نظر آیا

Marfat.com

## نعت

مائل بہ کرم رہتے ہیں سرکار ہمیشہ
یونہی نہیں آجاتے گنہگار ہمیشہ

ارمان شفاعت لئے سرکار کے در پر
آتے ہیں شفاعت کے طلبگار ہمیشہ

سرمایۂ آدم ہے تری ذاتِ گرامی
ہیں زیرِ قدم ثابت و سیّار ہمیشہ

تاحشر ہے اب تیرے لیے مسندِ ارشاد
لَو دیتے رہیں گے ترے افکار ہمیشہ

Marfat.com

بخشی ہے ترے رب نے ترے ذکر کو رفعت
ہوتے ہی رہیں گے ترے تذکار ہمیشہ

خلاقِ دو عالم بھی ترے ساتھ ہے ہر دم
جبریل بھی ہیں تیرے طرف دار ہمیشہ

ہر نقش کفِ پا ہے ترا رہبر کامل
ہیں اہلِ نظر اُس کے طلبگار ہمیشہ

قرآن کی تفسیر فرامین ہیں تیرے
ہے تازہ شریعت کا چمن زار ہمیشہ

ہر وصف ترا مظہر اخلاق الٰہی
ہر حرف ترا زندہ و ضوبار ہمیشہ

محبوب ہے تو باقی و حیّ ابدی کا
تابندہ رہیں گے ترے انوار ہمیشہ

Marfat.com

ہر دور میں مقبول و مسلّم رہی آقا
دنیا میں تری خوبیِ کردار ہمیشہ

پھٹکے نہ کبھی پاس مرے گردشِ دوراں
میں نعت کہوں اے شہِ ابرار ہمیشہ

رکھا ہے قدم تو نے جہاں فرشِ زمیں پر
دیکھا ہے وہاں نُور کا مینار ہمیشہ

ہے جس میں جڑا ختمِ نبوّت کا نگینہ
سر پر ہے فضیلت کی وہ دستار ہمیشہ

والشمس ہے اے شمس ترا روئے فروزاں
والفجر ترے حسن کا اظہار ہمیشہ

سرکار نے جو صبح و مسا خود بھی پڑھے ہیں
رکھ وردِ زباں بس وہی اذکار ہمیشہ

دیتا رہے خوشبو جو ترا اسمِ گرامی
مہکا رہے شہزاد کا گھر بار ہمیشہ

Marfat.com

## نعت

کب تک رہیں گے ایسے سنین و شہور اور
تابِ فراق مجھ کو نہیں ہے حضور اور

فرمایئے حضور! حضوری کی کچھ سبیل
دیتا نہیں ہے ساتھ دلِ ناصبور اور

آیا ہی چاہتا ہے حضوری کا اذن بھی
رہ لے ریاضِ خُلد سے کچھ روز دُور اور

ہوں گے حضور تختِ شفاعت پہ جلوہ گر
منظر ہمیں دکھائے گا یوم النشور اور

تاباں ضیائے نعت سے رہتا ہے میرا دل
اے ابرِ نور بار مجھے بخش نور اور

Marfat.com

حمدِ خدا نے روح کو دی تازگی نئی
نعتِ نبی سے دل کو ملا اک سرور اور

عہدِ رواں حضور ہے محتاجِ التفات
درکار ہے بشر کو ابھی کچھ شعور اور

آتا ہے جب خیالِ کفِ پائے مصطفٰی
شہزاد صحنِ جاں میں اترتا ہے نور اور

Marfat.com

# نعت

اک عالم سرور میں باچشم تر ملے
روضے کے سامنے جو کھڑے دیدہ ور ملے

ممکن نہیں کہ پھر وہ کبھی دربدر ملے
باب السلام پہ جو کھڑا بخت ور ملے

معبودِ مصطفیٰ کا کرے شکر صبح و شام
توصیفِ مصطفیٰ کا جسے کچھ ہنر ملے

اکثر درِ نبی پہ بصد عجز و انکسار
دستِ طلب دراز کئے تاجور ملے

Marfat.com

کاسہ بدست آپ کی چوکھٹ پہ ہوں کھڑا
خیرات اب مجھے بھی مرے چارہ گر ملے

انوارِ مصطفیٰ سے ہوئے بہرہ یاب سب
جتنے رُسل حضور سے افلاک پر ملے

محشر میں انبیاء بھی پکاریں گے دیکھنا
''بندہ نواز صدقۂ لطفِ نظر ملے''

چلتا نہیں وہ جادۂ اہلِ فرنگ پر
سلطانِ انبیاء کی جسے رہگزر ملے

شہزادؔ زندگی میں مجھے خُلد ہو نصیب
سرکار کی گلی میں اگر مجھ کو گھر ملے

Marfat.com

# نعت

ختم الرسل ہیں سارے زمانوں کے مقتدا
خوش بخت ہیں جو آپ کی کرتے ہیں اقتدا

صلِّ علیٰ کا ورد ہے ہر درد کی دوا
مدح و ثنائے رحمتِ عالم میں ہے شفا

بندے ہیں ہم وہ خواجۂ کل خواجگان ہیں
ہیں سب کے آپ مُرشد و ہادی و رہنما

خلاقِ ہر جہان کا شہکار ہیں حضور
آئینہ جمالِ الٰہی ہیں مصطفےٰ

احوال وہ بیان ہوں لفظوں میں کس طرح
حاضر درِ حضور پہ ہوتے ہیں جب گدا

Marfat.com

میں ان کا مدح خواں ہوں نکیرین بس کرو
رکھتا ہوں مصطفیٰ سے محبت میں باخدا

بے حد گراں تھا داورِ محشر کا سامنا
آقا نے مجھ کو دامنِ رحمت میں لے لیا

شہزاؔد تو نے حمد کے اشعار تو کہے
اب اس زمین میں ہی نئی نعت اِک سُنا

Marfat.com

# نعت

لیے دلوں میں تمنائے ارض پاک چلے
حرم کی سمت مسافر بصد تپاک چلے

بذوق و شوق و حضوری و انہماک چلے
"جو سوئے عرشِ معلّٰی رسول پاک چلے"

حروف نعت کا ممنون میں رہوں گا سدا
جو قلب و روح کو فرما کے تابناک چلے

جہاں کی خاک سے ہو کہکشاں بھی شرمندہ
وہاں پہ مہر و نجوم و قمر کی خاک چلے

Marfat.com

کمالِ شوق سے آئے تھے جو سلامی کو
درِ نبی سے پلٹ کر وہ سینہ چاک چلے

شفیعِ حشر کے جلووں کو دیکھنے کے لیے
مسافرانِ لحد ہو کے گھر سے پاک چلے

عجیب شان سے شہزادؔ ان کے در کے گدا
بٹھا کے سارے زمانے پہ اپنی دھاک چلے

❖

Marfat.com

# نعت

وہی لمحے حاصل زندگی ہیں جو اُن کے در پہ گزر گئے
مرے ریگ زارِ وجود کو گل و یاسمیں سے جو بھر گئے

میں چلا جو اسوۂ پاک پر مرے مصطفیٰ ہوئے راہبر
مجھے بندگی کی سند ملی مرے سارے کام سنور گئے

یہ کمال ہے شہِ دین کا دیا درس صدق و یقین کا
جو اٹے تھے کفر کی دھند سے وہ نقوش سارے نکھر گئے

یہ جو نور ہے شب قدر کا یہ ہے فیض سیّدِ بدر کا
اسے طاق رات میں ڈھونڈنے کا حضور حکم ہیں کر گئے

Marfat.com

ملے بندگی کے وہیں نشاں بنی سجدہ گاہ وہاں وہاں
''وہ جہاں جہاں بھی ٹھہر گئے وہ جہاں جہاں سے گزر گئے''

ہیں قسیم رحمتِ رب وہی سبھی رحمتوں کا سبب وہی
شہِ دوسرا ہی کے جُود سے جو تہی تھے ظرف وہ بھر گئے

بخدا وہ اہل نصیب ہیں شہ انس و جاں کے قریب ہیں
وہ جو اتباعِ رسول میں غمِ دو جہاں سے گزر گئے

Marfat.com

# نعت

جہاں کو کفر کی ظلمت سے کرنے پاک جب آیا
عجب منظر تھا دنیا میں شہِ لولاک جب آیا

نوازا اس کو بھی پیراہنِ الطاف و رحمت سے
درِ سرکار پر کوئی گریباں چاک جب آیا

چلی بادِ بہاری کُھل گئے جنت کے دروازے
”گنہگاروں کے ہونٹوں پر درودِ پاک جب آیا“

اسے سرشار کر ڈالا مُسلسل جُود و بخشش سے
کوئی عاصی بھی لے کر دیدۂ نمناک جب آیا

Marfat.com

صدائے "ما رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ" گونج کر آئی
حبیب حق لئے ہاتھوں میں مشتِ خاک جب آیا

ربیعہ اسلمی کو آپ نے جنت عطا کردی
لئے بہرِ وضو وہ کوزہ و مسواک جب آیا

بہارِ جاودانی آگئی گلزار عالم میں
زبانِ خلق پر اسمِ شہِ لولاک جب آیا

پگھل کر ہوگیا دل موم آنکھیں چار ہوتے ہی
چلا بزمِ رسالت میں کوئی سفّاک جب آیا

خدا نے لے لیا بد بخت کو اپنی حراست میں
شہِ کونین کی حد میں کوئی بے باک جب آیا

فرشتوں کی زباں پر زمزمے مدح و ثنا کے تھے
خدا کا آخری مرسل سرِ افلاک جب آیا

ہمیں ثابت قدم شہزاؔد رکھا ان کی نسبت نے
کوئی مغرب زدہ ہم پر بٹھانے دھاک جب آیا

Marfat.com

# نعت

نگاہِ زائرِ طیبہ میں گنبد، سبز سر چمکا
سرِ شاخِ نہالِ دل عقیدت کا ثمر چمکا

مظاہر تھے کمالاتِ شہِ کونین کے سارے
دمِ عیسیٰ ہوا ظاہر، ید بیضا اگر چمکا

جدا کرکے دکھایا آپ نے حق اور باطل کو
ہر اک فرمانِ تابندہ میانِ خیر و شر چمکا

نرالی شان سے اُن کے کفِ پا نے ضیا بخشی
بہر پہلو ابو ایوب انصاری کا گھر چمکا

Marfat.com

مری جانب نگاہِ التفات آقا نے فرمائی
ستارہ میری قسمت کا سرِ مژگانِ تر چمکا

چمک اٹھے تصور میں حروف اسم محمد کے
پھر ان کے نور کی برسات سے دل کا نگر چمکا

شب معراج نے اک معجزہ یوں بھی دکھایا ہے
''ستارہ بن کے ہر ذرّہ زمیں کا عرش پر چمکا''

حریمِ ذات میں صلِّ علیٰ کی روشنی پھیلی
مرے دل میں دِیا یادِ نبی کا رات بھر چمکا

نہ چمکا ہے نہ چمکے گا کوئی شہزاد اس دھج سے
جہاں میں آمنہ کا جس طرح نورِ نظر چمکا

❖

Marfat.com

# نعت

اِدھر اسم گرامی لب پہ ہے فخرِ دو عالم کا
اُدھر افلاک پر ہے زمزمہ صلِّ وسلم کا

مجھ ایسے کو بھی ٹھہرایا ہے مورد لطفِ پیہم کا
بھرم رکھا شہِ خوباں نے میرے دیدۂ نم کا

شفا بخشی، دیا ہے کام زخمِ دل کو مرہم کا
عجب اعجاز ہے صلِّ علٰی ذکرِ معظم کا

اثر ہے کل جہاں میں اسوۂ نورِ مجسم کا
ہے شہرہ چار سُو سرکار کے خلقِ مکرّم کا

Marfat.com

یہ اک انداز تھا خیر الوریٰ کے خیر مقدم کا
زمینِ شور سے جاری ہوا چشمہ جو زمزم کا

سعادت دیکھئے میری میں ان کا نام لیوا ہوں
پھریرا عرش پر لہرا رہا ہے جن کے پرچم کا

خدا کی بارگاہِ خاص تک اُن کی رسائی ہے
وسیلہ ہیں وہی موسیٰ و عیسیٰ اور آدم کا

قیامت تک وہی ہیں پیشوا و رہنما سب کے
لقب بخشا خدا نے آپ کو نورِ مجسم کا

خدا کی دوستی مشروط ہے ان کی اطاعت سے
وہ بندہ کیا ہے جو تابع نہیں فرمانِ محکم کا

یہ اک اعزاز ہے شہزادؔ بھاری سب فضائل پر
کہ میں ہوں امتی اللہ کے محبوب اعظم کا

Marfat.com

## نعت

رسائی بارگاہِ پاک میں جس دم ہوئی اپنی
مقدر اوج پر تھا کیفیت تھی دیدنی اپنی

حضور خواجۂ طیبہ ہوئی پھر حاضری اپنی
خدا کے فضل سے کچھ رنگ لائی بندگی اپنی

دل و روح و بدن تھے سامنے سرکار کے حاضر
حقیقت اس گھڑی مجھ پر حقیقت میں کھلی اپنی

یہ ان کے التفاتِ بے کراں کا اک بہانہ ہے
عزیزاز جان مجھ کو اس لیے ہے بے کسی اپنی

Marfat.com

فضیلت آپ کی بعد از خدا سب پر مسلّم ہے
جتائی ہی نہیں لیکن کسی پر برتری اپنی

گرایا اس نے جب مجھ کو شہِ والا کی چوکھٹ پر
فقط اس دن مجھے اچھی لگی یہ بے خودی اپنی

چھٹی ظلمت اجالا ہوگیا سارے زمانے میں
عرب کے چاند نے پھیلائی جس دم روشنی اپنی

کمائی ہے یہی شہزادؔ عمرِ چند روزہ کی
کٹی ہے مدحِ محبوبِ خدا میں زندگی اپنی

Marfat.com

# نعت

رسول پاک سے سن عظمتِ حمد خدا کیا ہے
خدا سے پوچھ شان و شوکتِ صلِ علیٰ کیا ہے

دیا پیغام یہ بدر و اُحد کے جاں نثاروں نے
کسی کو کیا خبر قدرِ محمد مصطفیٰ کیا ہے

جناب سرور دیں کے تبسم کا تسلسل ہیں
"یہ کلیاں، پھول، غنچے، رنگ و بو موجِ صبا کیا ہے"

پناہِ عاصیاں ہے ان کا دامانِ شفاعت بھی
بروزِ حشر یہ کھل جائے گا لطف و عطا کیا ہے

Marfat.com

یہ ان کی رحمۃ للعٰلمینیؐ کے جلوے ہیں
جو پوچھو عاصیوں پر یہ کرم کا سلسلہ کیا ہے

درودِ خالق اکبر ہے مدّاحِ محمد کی
ثنائے مصطفیٰ کر بندۂ حق سوچتا کیا ہے

میں ان کے ذکر سے شہزاد اپنا قد بڑھاتا ہوں
مری اوقات کیا ورنہ، مرا حرفِ ثنا کیا ہے

❖

Marfat.com

# نعت

اس محبوب کا صدقہ میری مان ہوا
تجھ پر نافذ ہے جس کا فرمان ہوا

طیبہ میں اک نعت ہدیّہ لیتی جا
کر دے مجھ پر اتنا تو احسان ہوا

تو نے حرا میں وہ منظر بھی دیکھا تھا
اُترا تھا قرآن پہ جب قرآن ہوا

کر معمور دل و جاں کو اس خوشبو سے
لا طیبہ سے کچھ عطر و لوبان ہوا

Marfat.com

تو جالی کے اس جانب بھی جاتی ہے
جس جانب ہے مولا کی برہان ہوا

میرے بھی ممدوح وہی ہیں تیرے بھی
اور وہی ہیں ممدوح رحمٰن ہوا

تو نے تو سرکار کے لب بھی چومے ہیں
میں تیری خوش بختی پر قربان ہوا

ساتھ رہی ہے اسریٰ و معراج میں تو
پائے ہیں کیا کیا رَوح و ریحان ہوا

تو گوشِ سرکار تلک پہنچاتی تھی
نعت پڑھا کرتے تھے جب حسّان ہوا

تو محظوظ ہوئی ہے ان کی سانسوں سے
رب نے تجھ کو بخشی کیسی شان ہوا

Marfat.com

تو بھی شامل تھی سرکار کی طینت میں
تجھ پہ فدا ہوجائے میری جان ہوا

میں بھی تیرے ساتھ مدینے جا پہنچوں
ہے کوئی ہم راہی کا امکان ہوا

آتی ہے شہزادؔ ریاض الجنت سے
تازہ تر کرنے میرا ایمان ہوا

Marfat.com

## نعت

خود سنور جائیں گے حالات مدینے چلئے
آپ بن جائے گی ہر بات مدینے چلئے

رشکِ صد خلد ہے گلزارِ حریم طیبہ
ہیں وہاں نور کے باغات مدینے چلیے

بارشِ نور برستی ہے گلی کوچوں میں
دن کے جیسی ہے وہاں رات مدینے چلئے

چھوڑ یئے چھوڑیئے دنیا کے یہ جھنجٹ سارے
آیئے آیئے حضرات مدینے چلئے

Marfat.com

دل میں رکھیے نہ کوئی زادِ سفر کا کھٹکا
اِک سے اک ہے وہاں سوغات مدینے چلیے

حاصلِ عمر ہیں گھڑیاں جو وہاں پر گزریں
قیمتی ہیں وہی لمحات مدینے چلیے

قدسیوں کا وہاں رہتا ہے ہمیشہ مجمع
ہیں ہمہ رنگ فیوضات مدینے چلیے

قاسمِ نعمتِ باری ہیں کرم پر مائل
بٹ رہی ہے وہاں خیرات مدینے چلیے

ان کے دربار سے جاتا نہیں منگتا خالی
ہے رواں بحرِ عنایات مدینے چلیے

راہِ طیبہ میں ہیں جتنے بھی دیار و امصار
ہیں وہ جنت کے مضافات مدینے چلیے

جن کے سینے میں ہے تاریخِ رسالت پنہاں
دیکھنے ہوں جو کمالات مدینے چلیے

Marfat.com

اُلجھنیں حل درِ سرکار پہ جا کر ہوں گی
گر بدلنے ہیں خیالات مدینے چلیے

صبح کی سانس معطر ہے مہک سے ان کی
شام پر بھی ہیں عنایات مدینے چلیے

کھینچتا ہے دل مومن کو اُحد کا منظر
یاد آجاتے ہیں غزوات مدینے چلیے

جابجا ہیں وہاں آثار و مظاہر ان کے
ہر قدم پر ہیں کرامات مدینے چلیے

کہہ رہی ہیں وہ ہوائیں بھی انہی کے قصے
سن ہی لیجے وہ حکایات مدینے چلیے

خواہشیں دہر کی چھوڑیں گی نہ دامن ہر گز
توڑیے اب یہ روایات مدینے چلیے

پاؤں شہزاؔد طبیعت پہ میں کیسے قابو
ہے تقاضا یہی دن رات مدینے چلیے

Marfat.com

# نعت

محبوب ربِ عرش ہے، میرِ حجاز ہے
نسبت سے جس کی نوعِ بشر سرفراز ہے

عقدہ کھلا یہ رحمتِ عالم کو دیکھ کر
فضلِ خدا کا سلسلہ کتنا دراز ہے

یونہی نہیں رحیم کہا خود کریم نے
میرا نبی کریم ہے بندہ نواز ہے

"تلک الرُّسل" سے اور بھی کچھ ہوگیا عیاں
پیغمبروں میں آپ کا جو امتیاز ہے

Marfat.com

جو کچھ ورائے عقل ہے قرآن پاک میں
مابین مصطفیٰ و خدا ایک راز ہے

امت پہ چل گیا ہے عزازیل کا فسوں
آقا یہ قوم در پئے تحریص و آز ہے

اسریٰ کی شب گیا تھا جو تا رفعتِ دنیٰ
بس ایک لامکاں کا وہی شاہباز ہے

لہجے کو ان کے نام نے بخشی ہے اک مٹھاس
دل میں انہی کے ذکر سے سوز و گداز ہے

معبود نے اسی کو فقط ''عبدہٗ'' کہا
جس پر سلام بھیجنا روحِ نماز ہے

شہزاد بس یہی ہے تعارف مرا کہ میں
بندہ ہوں ان کی نسبتِ عالی پہ ناز ہے

Marfat.com

# نعت

ہو کیسے حق ادا پھر ہم سے ان کی نعت و مدحت کا
اَلم نشرح ہے سر آغاز جن کی شانِ رفعت کا

نہیں کوئی کنارا رحمتِ آقا کی وسعت کا
پھریرا عرش پر لہرا رہا ہے ان کی عظمت کا

اِدھر بھی سرورِ دیں کوئی چھینٹا ابر رحمت کا
کہ ابتر ہو رہا ہے حال اب تو ساری امت کا

کھلا توحید کا روشن دریچہ شرک خانے میں
یہ اک اعجاز ہی تھا سرورِ عالم کی دعوت کا

Marfat.com

رسولِ ہاشمی کے اُمتی انمول ہوتے ہیں
کسی کو کیا پتا ان موتیوں کی قدر و قیمت کا

سوائے کوچۂ سرکار کے بک جائیں ناممکن
اگر اندازہ ہو جائے ہمیں خود اپنی قیمت کا

کہا اللہ نے قرآں میں ختم المرسلیں ان کو
''عقیدہ اس لیے رکھتے ہیں ہم ختم نبوت کا''

شہِ کونین نے فرما دیا ہے ''لا نبی بعدی''
''عقیدہ اس لیے رکھتے ہیں ہم ختم نبوت کا''

کسی کذّاب کو جرأت نہ ہو پھر ایسے دعوے کی
''عقیدہ اس لیے رکھتے ہیں ہم ختم نبوت کا''

کسی کا ذب سے کوئی معجزہ مانگے تو کافر ہے
یہ فتویٰ ہے بہت مشہور سلطانِ فقاہت کا

نیا کوئی نبی شہزاد ہو اب غیر ممکن ہے
رسولِ آخریں پر ختم ہے منصب رسالت کا

Marfat.com

# نعت

سرورِ کون و مکاں سیّدِ ذیشانِ عرب
باعثِ ارض و سما روحِ عجم جانِ عرب

رونقِ بزمِ جہاں شمع شبستانِ عرب
ثانی باغ جناں حسنِ گلستانِ عرب

گلشنِ روح پہ چھا جاتی ہے شادابی سی
یاد آ جاتے ہیں جس دم گل و ریحانِ عرب

تابع حکم شہِ دیں ہیں عجم کے دفتر
دستِ محبوب خدا میں ہے قلمدانِ عرب

Marfat.com

ذرّے ذرّے میں چمکتے ہیں یہاں ماہ و نجوم
جادۂ عرشِ معلّٰی ہے خیابانِ عرب

جب کھلا بابِ عنایاتِ نبوّت اس میں
آسماں گیر ہوئی وسعتِ دامانِ عرب

سنّتِ سرورِ دیں صاحبِ ایماں کا وقار
یعنی دستار کہ ہے زینتِ مردانِ عرب

حاملِ وحیِ خداوند فرشتوں کا امام
''طائرِ سدرہ نشیں مرغِ سلیمانِ عرب''

بست و دو سال زیارت کو مسلسل آیا
''طائرِ سدرہ نشیں مرغِ سلیمانِ عرب''

مجھ کو شہزادؔ کمک روحِ رضا سے پہنچی
ورنہ ہوتی نہ رقم مدحتِ سلطانِ عرب

Marfat.com

# نعت

خلوص، امن، اخوت، حیاء وفا ادراک
جہاں میں بانٹنے آئے تھے مصطفیٰ ادراک

ضیائے سیرت انور سے ضوفشاں ہے حیات
نقوشِ پائے نبی سے ہمیں ملا ادراک

گزر گئے ہیں جہاں سے بھی تاج دارِ شعور
بکھر گیا اسی رستے پہ جابجا ادراک

بلال و بو ذر وسلمان بنتے جاتے ہیں
درِ حبیب سے ہوتا ہے جب عطا ادراک

Marfat.com

جبیں تمدّن و تہذیب کی چمکنے لگی
عجیب شان سے جلوہ نما ہوا ادراک

جو زیب چشم بصیرت ہو خاک راہ حجاز
تو قلب و ذہن میں ہوتا ہے رونما ادراک

ترے حبیب کی مدحت کا حق ادا ہو پائے
مجھے نصیب ہو اتنا تو اے خدا ادراک

مرے نبی کا طریقہ ہے علم کی تقسیم
مرے حضور کی سنت ہے بانٹنا ادراک

اگر نصیب ہو دریائے مِن لّدُن کی نمی
خدا کے فضل سے ہوتا نہیں فنا ادراک

مرے کفیل و مربی ہیں مصطفیٰ شہزاد
مجھے یقین ہے ہوگا فزوں مرا ادراک

Marfat.com

## نعت

بارانِ کرم مجھ پہ بھی برسائے مدینہ
اے کاش مرے دل میں سما جائے مدینہ

ہے نقش مرے دل پہ ہر اک منظر طیبہ
پھرتے ہیں میری آنکھ میں گلہائے مدینہ

سب رنج بھلا دیتی ہے آغوش اُحد کی
ہے راحتِ جاں کوہِ دلآرائے مدینہ

پنہاں ہیں تری خاک میں ایمان کے موتی
تو رُوکشِ فردوس ہے صحرائے مدینہ

Marfat.com

بخشش کی سند ہے در سرکار سے نسبت
جنت کی ضمانت ہے تولائے مدینہ

کب دیکھیے ہم پر ہو عنایت کی نظر پھر
"کب دیکھیے بر آئے تمنائے مدینہ"

ہر شخص میں انصارِ مدینہ کی جھلک ہے
اک عالم ایثار ہے دنیائے مدینہ

جو لطف کہ شہزادؔ شہیدی پہ ہوا تھا
وہ لطف کبھی مجھ پہ بھی فرمائے مدینہ

Marfat.com

# نعت

یاد جب خلوتِ خورشیدِ حرا آتی ہے
گوشۂ قلب سے اقرء کی صدا آتی ہے

مسجدِ نعت میں جب سجدہ کناں ہونا ہو
کام اس وقت مرے فکرِ رسا آتی ہے

روح کا رزق اترتا ہے فلک سے جب بھی
میرے حصے میں شہِ دیں کی ثنا آتی ہے

یاس کو پاس پھٹکنے نہیں دینا ہر گز
دل کی بستی مرے آقا کو بسا آتی ہے

Marfat.com

روح کے دشت کو گلزار بنانے کے لیے
صبح دم جنت طیبہ سے ہوا آتی ہے

نسبتِ سرور کونین پہ ہے فخر مگر
اپنے اعمال کو دیکھوں تو حیا آتی ہے

گلشنِ جاں میں مہکتے ہیں درودوں کے گلاب
"جب مدینے سے کوئی موجِ صبا آتی ہے"

کعبۃ اللہ کے شہزاد ہر اک گوشے سے
"وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ" کی صدا آتی ہے

Marfat.com

## نعت

کوئی خوش بخت مرے شہر سے جب جائے حجاز
یاد رہ رہ کے مجھے آئے ہے صحرائے حجاز

اک تعلق ہے اسے فخر نبی ہاشم سے
ناز کیوں کر نہ کرے بخت پہ لیلائے حجاز

ایسا انفاس شہِ دیں نے نوازا ہے اسے
رشکِ صد طور ہوئی وادی سینائے حجاز

حظ اٹھا پائے گا وہ کوثر و تسنیم سے کیا
چکھ نہ پایا جو یہاں بادۂ مینائے حجاز

Marfat.com

سجدہ کرتے ہیں وہاں جا کے مقدر والے
بخت ور ہوتے ہیں بس ناسیہ فرسائے حجاز

رنگ توحید کا روحوں پہ وہاں چڑھتا ہے
روپ بندوں کو نیا دیتی ہے دنیائے حجاز

کیا لبھا پائے ہمیں پیرس و لندن کی کشش
"دل کے پردوں میں مچلتی ہے تمنائے حجاز"

بخدا طیبہ و بطحا کا شرف ہے ان سے
نقشِ پائے شہِ دیں مرتبہ افزائے حجاز

خود شفا آئے مریضوں کی بلائیں لینے
نبض پر ہاتھ ہی رکھ دے جو مسیحائے حجاز

اپنی آغوش میں نہ لے لے اسے وقت رخصت
لُطف شہزاد پہ کچھ خاص جو فرمائے حجاز

Marfat.com

# نعت

منگتے کا بھرم رکھنا سرکار کی سنت ہے
سائل کی صدا سننا سرکار کی سنت ہے

پُرسش کے لیے جانا دکھ درد کے ماروں کی
لاچار کے کام آنا سرکار کی سنت ہے

تنہائی میں چھپ چھپ کر غیروں کے لیے رونا
اپنوں کے ستم سہنا سرکار کی سنت ہے

مخلوق سے پیش آنا ہر حال میں شفقت سے
بندوں کا بھلا کرنا سرکار کی سنت ہے

Marfat.com

تعلیم شہِ دیں ہے، تکریمِ بنی آدم
تعلیم کو پھیلانا سرکار کی سنت ہے

شیطاں کا طریقہ ہے سفاکی و خوں ریزی
دشمن کو اماں دینا سرکار کی سنت ہے

مشکل ہو بھلے جتنی، حالات ہوں کیسے ہی
حق بات سدا کہنا سرکار کی سنت ہے

بیعت نہ کبھی کرنا فرعونِ زمانہ کی
ایمان پہ ڈٹ جانا سرکار کی سنت ہے

کچھ وقت عبادت میں راتوں کو بسر کرنا
آرام بھی فرمانا سرکار کی سنت ہے

جس ذات نے بخشی ہیں شہزادؔ ہمیں سانسیں
اس ذات کا دم بھرنا سرکار کی سنت ہے

Marfat.com

# نعت

ابرِ کرم کچھ ایسا برسا تری گلی میں
خالی رہا نہ کوئی منگتا تری گلی میں

اٹکے ہوئے ہیں آنسو پلکوں پہ کس ادب سے
آہوں میں ڈھل گیا ہے گریہ تری گلی میں

سب زائروں کی خاطر ہے مژدۂ شفاعت
یہ چیز ہے تو بس ہے تنہا تری گلی میں

دیتی ہے پیار اتنا یہ سرزمینِ اقدس
ہر شخص لگ رہا ہے اپنا تری گلی میں

Marfat.com

ملتی ہے سر بلندی سر کو یہاں جھکا کر
دیکھا ہے ہم نے کرکے سجدہ تری گلی میں

سورج میں اک جھجک سی وقت طلوع دیکھی
مہتاب کو بھی گُم سُم پایا تری گلی میں

ہر شے میں ہم نے دیکھے حسنِ ازل کے جلوے
اک چیز بھی نہیں ہے بے جا تری گلی میں

پاس ادب سے دھڑکن دل میں سمٹ رہی ہے
کچھ سَہل تو نہیں ہے رہنا تری گلی میں

شہزاؔد اس کرم کا گو اہل تو نہیں ہے
اے کاش اور کچھ دن رہتا تری گلی میں

Marfat.com

# نعت

جو اہلِ قرب ہیں کب آنکھ بھر کے دیکھتے ہیں
رُخِ نبی کو وہ جاں سے گزر کے دیکھتے ہیں

دکھائی دیتا ہے دھندلا سا گنبدِ اخضر
جو آئینے میں کبھی چشمِ تر کے دیکھتے ہیں

چلو چلو کریں سجدہ ریاضِ جنت میں
نصیب ہم بھی ذرا اپنے سر کے دیکھتے ہیں

اگر ہے مسئلہ ناموسِ مصطفیٰ کا تو پھر
ہتھیلیوں پہ سروں کو بھی دھر کے دیکھتے ہیں

Marfat.com

فنا پذیر لگا ان کو رعب قصرِ شہی
سدا جو روزن ودر اُن کے گھر کے دیکھتے ہیں

رُخ حبیب تو شہزآدو پھر ہے روئے حبیب
ادب شناس تو جالی کو ڈر کے دیکھتے ہیں

Marfat.com

# نعت

اللہ نے یوں شان بڑھائی ترے در کی
تعظیم خود انساں کو سکھائی ترے در کی

ہر لمحہ مجھے رہتا ہے احساسِ حضوری
تصویر جو سینے میں سجائی ترے در کی

طاری تھا مری روح پہ معراج کا عالم
جالی جو مرے ہاتھ میں آئی ترے در کی

تھا پاس ترے ذوقِ طہارت کا خدا کو
سونپی جو فرشتوں کو صفائی ترے در کی

Marfat.com

اے رحمتِ عالم ہو کوئی وصل کا ساماں
ہے شاق بہت دل پہ جدائی ترے در کی

لیتے ہیں فرشتے بھی یہاں سانس ادب سے
وہ دھاک ترے رب نے بٹھائی ترے در کی

پابندِ ادب ہیں یہاں صدّیق و عمر بھی
تکریم وہ قرآں نے بتائی ترے در کی

آیا مری سانسوں کو مہکنے کا سلیقہ
خوشبو جو دل و جاں میں بسائی ترے در کی

توقیر ترے شہر کی مطلوب تھی رب کو
قرآں میں قسم اس لیے کھائی ترے در کی

کر آؤں چمن زارِ مدینہ کی زیارت
ہو پھر سے مقدّر میں رسائی ترے در کی

Marfat.com

اُس ہاتھ میں قدرت کا بھی کچھ ہاتھ تو ہوگا
جس ہاتھ نے بنیاد اٹھائی ترے در کی

اک بحر اُمڈنے لگا الطاف و عطا کا
سائل نے جو زنجیر ہلائی ترے در کی

اُس قوم کو آیا نہیں جینے کا قرینہ
جس قوم کو تعلیم نہ بھائی ترے در کی

انسان کو احسان ترے یاد رہیں گے
تاعمر نہ بھولے گی، بھلائی ترے در کی

شہزاؔد کے ہونٹوں پہ رہے نعت کا نغمہ
آنکھوں میں رہے جلوہ نمائی ترے در کی

Marfat.com

# نعت

مہکتا گلستان مدینے کی گلیاں
ہیں جنت بداماں مدینے کی گلیاں

بہر سو ہیں شمعِ رسالت کی کرنیں
فروزاں فروزاں مدینے کی گلیاں

شہِ دوسرا ہیں یہاں جلوہ فرما
نہ ہوں کیوں نمایاں مدینے کی گلیاں

منور ہیں مکّہ کے بازار کیسے
ہیں کتنی درخشاں مدینے کی گلیاں

عقیدت کی دنیا ہے آباد ان سے
محبت کا عنواں مدینے کی گلیاں

نگاہوں کی ٹھنڈک ہے گنبد کا جلوہ
سکونِ دل و جاں مدینے کی گلیاں

یہیں پر گنہگار پاتے ہیں تسکیں
ہیں بخشش کا ساماں مدینے کی گلیاں

خدا کی عنایت ہے بطحا کی وادی
نبی کا ہیں احساں مدینے کی گلیاں

دلاتی ہیں رحمت کی امید سب کو
بھلاتی ہیں عصیاں مدینے کی گلیاں

ہیں مرغوبِ اہل نظر مدتوں سے
شبستاں شبستاں مدینے کی گلیاں

تلاشِ نگاہِ طلب ان کا روضہ
مرے دل کا ارماں مدینے کی گلیاں

دکھاتی ہیں شہزاد اہل جہاں کو
رہِ علم و عرفاں مدینے کی گلیاں

Marfat.com

# نعت

ہر اک خوبی اسے زیبا جو ہے تعریف کے لائق
اسی کا نام ہے اعلیٰ اسی کی شان ہے فائق

درودِ سرمدی ہر وقت ہو سرکارِ والا پر
تحیت کی گھٹا برسے حبیب ربّ اعلیٰ پر

ہر عظمت اس جہاں میں ان کے تلوے چومنے آئی
وہ خوبی بن گئی میرے نبی کو جو ادا بھائی

انہیں اچھی لگی جو بھی وہی عادت بھلائی ہے
جو ان سے ہوگئی منسوب وہ خصلت اچھائی ہے

Marfat.com

شرف لوح و قلم کا بڑھ گیا اسم گرامی سے
ضیاءِ عرشِ معلیٰ کو ملی ماہِ تہامی سے

شہِ دیں کا نہیں جبریل کا سدرہ نشیمن ہے
نہیں مطلوب قوسین آپ کا تو رب سے بندھن ہے

ملی آدم کو راحت اپنے نور العین سے مل کر
رُسل مسرور تھے اپنے دلوں کے چین سے مل کر

خدا بھی ہوگیا خوش سیّدِ کونین سے مل کر
مکمل دائرہ ہوتا ہے بس قوسین سے مل کر

شفیعِ عاصیاں کا ذکر ہے رافع وباؤں کا
طبیب دو جہاں کا نام ہے دافع بلاؤں کا

عقیدے کی مرے اسلاف بھی تصویب کرتے ہیں
مری تصدیق خود اوراقِ ''نشر الطیب'' کرتے ہیں

Marfat.com

زیارت سے نبی کی نوریوں کو بھی قرار آیا
فضائے عالم بالا پہ جیسے اک نکھار آیا

وہ ذاتِ وحدہٗ کا مصطفیٰ کو عبدہٗ کہنا
عجب تھا عابد و معبود کا وہ قبلہ رُو رہنا

ہوئے ہیں منکشف اسرار یہ اہل حقائق پر
خدا کے کس قدر انعام ہیں خیر الخلائق پر

گدائے بارگاہِ فخر موجودات ہیں سارے
معارف سرورِ دارین کی خیرات ہیں سارے

حقیقت میں مقامِ خواجۂ کل خواجگاں کیا ہے
خدا ہی جانتا ہے عظمتِ شاہِ شہاں کیا ہے

نہیں یہ جنس جو بدلے میں مال و زر کے ملتی ہے
غذا شہزاد روحوں کو نبی کے در سے ملتی ہے

Marfat.com

# نعت

دل کی بستی بسائی تری نعت نے
بات بگڑی بنائی تری نعت نے

تیری مدحت نے مجھ کو کیا محترم
میری عزت بڑھائی تری نعت نے

جادۂ بندگی پر کیا گام زن
حمد مجھ کو سُجھائی تری نعت نے

محو کرکے مری سب زیاں کاریاں
دی مجھے ہر بھلائی تری نعت نے

میرے باطن کی تاریکیاں چھٹ گئیں
شمعِ مدحت جلائی تری نعت نے

میں ہوں ممنون آقا تری نعت کا
میری قسمت جگائی تری نعت نے

پھر کسی مشورے کی نہ حاجت رہی
بات ایسی سنائی تری نعت نے

بحرِ خواہش میں بس ڈوبتے ڈوبتے
کشتیِ جاں بچائی تری نعت نے

تیرے مولا سے لے کر مجھے بخش دی
تیری مدح سرائی تری نعت نے

Marfat.com

اس طرح اپنے اندر فنا کرلیا — مجھ کو ہر شے بھلائی تری نعت نے

مجھ کو آغوش رحمت میں یوں لے لیا — ہر تمنا بھلائی تری نعت نے

دیکھ کر نوریوں کو بھی رشک آگیا — ایسی محفل سجائی تری نعت نے

نعت سے مجھ پہ میری حقیقت کھلی — کی مری رونمائی تری نعت نے

بات کرنے کا مجھ کو سلیقہ نہ تھا — بات کرنا سکھائی تری نعت نے

ہم بھی ہو آئے جنت کے باغات سے — دی ہمیں یہ رسائی تری نعت نے

وصل کی لذتوں سے کیا آشنا — دور کی ہر جدائی تری نعت نے

فکر عقبیٰ سے مجھ کو بری کردیا — دے کے ذوق گدائی تری نعت نے

گرد حرص و ہوس کی چھٹی روح سے — کی دلوں کی صفائی تری نعت نے

مجھ کو حاصل ہے تائیدِ روح امیں — کی یہ عقدہ کشائی تری نعت نے

اس عنایت پہ شہزاد ممنون ہے — کی مری ہم نوائی تری نعت نے

Marfat.com

# نعت

آپ کے ہو کے یا نبی ہم لوگ
کیوں ہیں اخلاق سے تہی ہم لوگ

آپ کے نام کا ادب ہے بہت
نعت پڑھتے ہیں آپ کی ہم لوگ

قلب میں احترام ہے بے حد
آپ کے ہیں غلام بھی ہم لوگ

یا نبی رحم کیجئے ہم پر
آپ ہی کے ہیں امتی ہم لوگ

آپ سے عشق ہے حضور مگر
ہیں تمدن میں مغربی ہم لوگ

آپ کی راہ سے ہٹے تو ہوئے
نفس و شیطاں کے مقتدی ہم لوگ

کفر دنیا پہ پھر مسلّط ہے
ہیں اسیرانِ بے بسی ہم لوگ

دربدر ہوگئے زمانے میں
ہو کے محرومِ رہبری ہم لوگ

مکتبِ علم و فن کے آپ رئیس
ہیں مگر اس کے مبتدی ہم لوگ

نسبتِ شہرِ علم کے باوصف
ہیں فقیرانِ آگہی ہم لوگ

جب تھی ہمراہ سنتوں کی ضیا
ظلمتوں میں تھے روشنی ہم لوگ

پھر بھی شہزاد ہے اُمیدِ کرم
گو کہ ہیں صیدِ گمرہی ہم لوگ

Marfat.com

# نعت

کس طرح نہ ہو منبعِ انوار عمامہ
پہنے ہوئے ہیں سیّدِ ابرار عمامہ

ثابت ہے روایاتِ صحیحہ سے یہ دعویٰ
ہے تاجِ نبی سنتِ سرکار عمامہ

سجتا رہا جو سرورِ کونین کے سر پر
وہ رحمتِ عالم کا طرحدار عمامہ

شملے کی ہر اک تار میں رقصاں ہیں ستارے
اللہ رے زیبا و ضیا بار عمامہ

Marfat.com

دُر ہائے سیادت سے مرصّع ہے ہر اک بل
ہے سارے عماموں کا یہ سردار عمامہ

ہے جس میں جڑا ختم نبوّت کا نگینہ
سرکار کے سر پر ہے وہ شہکار عمامہ

جبریل اُتر آتے تھے سدرہ سے زمیں پر
دیتا جو کبھی دعوتِ دیدار عمامہ

ایمان کا اظہار ہے سرکار کی الفت
سرکار سے الفت کا ہے اظہار عمامہ

آتی ہیں سلامی کو فرشتوں کی قطاریں
نکلیں جو پہن کر شہِ ابرار عمامہ

دستار کی مانند جو روضے پہ سجا ہے
کاشانۂ اقدس کا ہے شہکار عمامہ

Marfat.com

ہے اس کو سرِ سرور کونین سے نسبت
کیونکر نہ ہو پھر نور کا مینار عمامہ

ہے قولِ شہِ ارض و سما فَاتَّبِعُوْنِی
اس واسطے مومن کو ہے درکار عمامہ

سرکار نے جو غزوۂ خیبر میں نوازا
تھا زیبِ سرِ حیدرِ کرّار عمامہ

سنت کے محافظ تھے سب اصحاب پیمبر
رکھتے تھے مہاجر ہوں کہ انصار عمامہ

تھی بدر میں دستار فرشتوں کے سروں پر
باندھے ہوئے آئے تھے مددگار عمامہ

شملے میں نہاں پشت پناہی کی ادا ہے
ہے ظلِّ یدِ ایزدِ غفار عمامہ

Marfat.com

اس پر ہے سجا نقشۂ نعلینِ مبارک
کام آیا ہے مشکل میں کئی بار عمامہ

سوراخ ہیں آقا کئی دامان طلب میں
پھیلائے ہوئے ہوں سرِ دربار عمامہ

سجدے کی جو اس در پہ نہیں سر کو اجازت
ہے سجدۂ بے سر کو بھی طیّار عمامہ

چوموں کبھی اس کو تو کبھی سر پہ سجاؤں
ہے میرے لیے آپ کی پیزار عمامہ

پگڑی نہ اچھل جائے کہیں اہل حرم کی
آقا ہے توجہ کا طلبگار عمامہ

شہزادؔ یہ سرکارِ مدینہ کا کرم ہے
باندھے ہوئے ہے مجھ سا گنہگار عمامہ

Marfat.com

# نعت

نانا کو کریں پیش جو حسنین عمامہ
کیسے نہ ہو پھر قرۃ عینین عمامہ
مکّہ میں دیا آپ نے جب فتح کا خطبہ
باندھے ہوئے تھے سرورِ کونین عمامہ
جبریل بھی حیرت سے تکا کرتے تھے ان کو
جب سر پہ سجاتے شہِ دارین عمامہ
رفعت یہ ملی صاحب معراج کے صدقے
پہنچا تھا سرِ عرش یہ اک زین عمامہ
ہر وقت مجھے رہتا ہے احساسِ حضوری
ہونے نہیں دیتا مجھے بے چین عمامہ
شہزاؔد میں کیسے نہ انہیں سر پہ سجاؤں
میرا تو ہیں سرکار کے نعلین عمامہ

Marfat.com

# نعت

حیاتِ بے ثبات کو خدا اگر دوام دے
مجھے تو بس غلامی درِ شہِ انام دے

اک آرزو سی ہے دبی دلِ نیاز مند میں
اُنیس و بو تراب سا مجھے بھی کوئی نام دے

میں ایک نعت لکھ سکوں، کعب بن زُہیر سی
مجھے قدیر و مقتدر قدرتِ کلام دے

کہاں چلی گئی ہے تو ہوائے شہر مصطفیٰ
مرے دل حزیں کو بھی سکون کا پیام دے

Marfat.com

ہماری سرزمین بھی ترس گئی ہے امن کو
ہمیں بھی خالقِ جہاں عمر سا اک امام دے

مرے نبی سا سرپرست دے ہر اک غلام کو
بلال سا ہر ایک سرپرست کو غلام دے

عقیق سے بھی خوب تر نفیس مثلِ آب زر
ثنائے نور کے لیے حروفِ نور فام دے

ازالہ ذکرِ مصطفیٰ سے میں کروں خطاؤں کا
میں خود سے لڑ سکوں مجھے وہ ذوقِ انتقام دے

ترس گئے ہیں امن کو ہم امن کے پیام بر
ہماری سمت بھی نظر، ہمیں بھی اب سلام دے

مجددی میں اَمتی ہوں شہریار علم کا
میں کیسے مان لوں اگر کوئی دلیل خام دے

Marfat.com

# نعت

تنویرِ سخن نیرّ تابانِ رسالت
تابانیِ فن نیرِ تابانِ رسالت

فریاد کناں ہے شبِ عصیاں کی سیاہی
"ہاں ایک کرن، نیرِ تابانِ رسالت"

کرنے کو فدا آپ کی عزت پہ ملے ہیں
یہ جان و بدن نیرِ تابانِ رسالت

اک نعت لکھوں آپ کی میں خونِ جگر سے
ہے دل میں لگن نیرِ تابانِ رسالت

Marfat.com

پڑھتے ہیں درود آپ کو دیتے ہیں دعائیں
یہ سرو و سمن نیّرِ تابانِ رسالت

کھلتے ہوئے پڑھتے ہیں سبق صلِّ علیٰ کا
گل ہائے چمن نیّرِ تابانِ رسالت

لکھتے ہی ثنا دور نکل جاتے ہیں دل سے
سب رنج و محن نیّرِ تابانِ رسالت

کرتے ہیں ہمیشہ شب بدعت کا ازالہ
انوارِ سنن، نیّرِ تابانِ رسالت

بے تاب فدا ہونے کو رہتے ہیں ہمیشہ
سب اہلِ سنن نیّرِ تابانِ رسالت

پڑھتا ہی رہے نعت کا شہزادؔ وظیفہ
ہے ایک ہی دُھن نیّرِ تابانِ رسالت

Marfat.com

# نعت

اللہ نے کردی ہے بیاں شان رسالت
قرآن کی آیات ہیں شایانِ رسالت

دل جب سے ہے وابستۂ دامانِ رسالت
حاصل ہے مسلسل مجھے فیضانِ رسالت

ہر گوشۂ پُر نور ہے فردوس بداماں
یہ عرشِ معلّٰی ہے کہ ایوانِ رسالت

سجدے کو مچلتا ہے بہرگام یہاں دل
ہے کعبۂ عشاق خیابانِ رسالت

Marfat.com

سرکار نے فرمایا اسے پاک بتوں سے
پہنچا تو ہے کعبے کو بھی فیضانِ رسالت

حرف آئے تو کیسے کوئی سرکار پہ آئے
ہے ذاتِ احدؔ آپ نگہبانِ رسالت

آیاتِ الٰہی کے ہیں سرکار مفسّر
اللہ کا فرمان ہے فرمانِ رسالت

اس منصب عالی پہ انہیں فخر نہیں ہے
ہیں سرورِ دیں، سیّد و سلطانِ رسالت

سایہ سرِ ناعت پہ ہے جبریل کے پر کا
مولا کی اماں میں ہے ثنا خوانِ رسالت

ہو جائے ثمر بار مرا نخلِ تمنا
برسے جو کبھی قلب پہ بارانِ رسالت

Marfat.com

حسنین جو ہیں سیّدہ زہرا کے دُلارے
دنیا میں ہیں دونوں گل و ریحانِ رسالت

بے تاب چٹکنے کو ہے غنچہ مرے دل کا
ہاں ایک کرن نیرِّ تابانِ رسالت

ہونٹوں پہ نئی نعت کے اشعار سجائے
ہے زمزمہ خواں بلبلِ بستانِ رسالت

ہیں عالم حیرت میں اولوالعزم پیمبر
خالق نے بنائی ہے عجب شانِ رسالت

قرآن میں خالق نے قسم کھائی ہے اس کی
ایمان کی جاں یونہی نہیں جانِ رسالت

اس در کے جو اکرام کا قائل ہی نہیں ہے
لو بن کے کھڑا ہے وہی دربانِ رسالت

Marfat.com

یہ گلشن بے خار ہے محفوظ خزاں سے
شہکار ہے فطرت کا گلستانِ رسالت

موقوف ہے اس بات پہ انساں کی ترقی
انسان کو کس درجہ ہے عرفانِ رسالت

انسان کو سرکار نے انسان بنایا
انسان پہ کیا کم ہے یہ احسانِ رسالت

شہزاد یہ اعزاز کوئی کم تو نہیں ہے
مجھ ایسا گنہگار ہو مہمانِ رسالت

Marfat.com

## نعت

جمالِ سرورِ دیں کا کہاں سے لاؤں پیمانہ
کہ جبرائیل بھی شمعِ رسالت کا ہے پروانہ

مرے آقا مرے احوال پر بھی رحم فرمانا
خصائل آپ کو خالق نے بخشے ہیں کریمانہ

شہنشاہ دو عالم کی گلی کا ہے عجب منظر
یہاں ہر ایک دیوانہ نظر آتا ہے فرزانہ

فرازِ عرش سے ہر دم نئے انوار اترتے ہیں
شہِ کونین کے روضے کا عالم ہے جداگانہ

Marfat.com

خدا کے نور نے جلوہ نمائی کی ہے اس دھج سے
"کہ سینہ ارضِ طیبہ کا بنا رشکِ پری خانہ"

بسے انوار خورشید حرم اس شان سے اس میں
"کہ سینہ ارضِ طیبہ کا بنا رشکِ پری خانہ"

بھٹکتے آدمی کو دے دیا کردار کا جوہر
سجایا پیکرِ اخلاق نے یوں دل کا ویرانہ

نگاہِ لطف پھر ہو رحمۃ للعالمیں اس پر
ہوئے جاتے ہیں پھر انسان کے تیور بہیمانہ

رہی اس کو ہمیشہ کد شہِ دیں کے غلاموں سے
روش ابلیس نے سرکار سے رکھی حریفانہ

جہاں روح و بدن کے گھاؤ سارے بھرتے جاتے ہیں
مدینہ میں طبیبِ حق نے کھولا وہ شفاخانہ

Marfat.com

ثنا خوانِ شہِ دیں کی بڑی توقیر ہے لوگو
خدا کا فضل ہے اتنی بڑی توفیق مل جانا

وہ اپنے مدح گستر کے لیے اُن کا دعا کرنا
وہ اپنے شاعرِ دربار کا اکرام فرمانا

مجھے روح القدس اپنے قریں محسوس ہوتے ہیں
کبھی جب یاد آجاتی ہے ان کی داد شاہانہ

ثنا خوانِ شہِ دیں کے لیے بے حد ضروری ہیں
ادب، صدق و وفا، حسنِ عمل، سیرت شریفانہ

مرے آقا ہی زیبِ مسندِ محمود جب ہوں گے
تو پھر کیا عرصۂ محشر سے اے شہزادؔ گھبرانا

Marfat.com

# نعت

ان پر درود بھیجئے حمدِ خدا کے بعد
پڑھیے نبی کی نعت خدا کی ثنا کے بعد

یہ بات مانتے ہیں خلیل و کلیم بھی
خیر الوریٰ کی شان ہے ذوالکبریا کے بعد

تاج سرِ وظائف و اذکار ہے درود
باقی ہر ایک ورد ہے صلِّ علیٰ کے بعد

بعد از خدا بزرگ ہیں وہ قصہ مختصر
"اک مصطفیٰ کا نام ہے نامِ خدا کے بعد"

Marfat.com

کچھ بھی نہ تھا خدا کے سوا کائنات میں
عالم تمام خلق ہوا مصطفیٰ کے بعد

سرکار سے ہیں عالمِ امکاں کی رونقیں
ہر واقعہ ہوا ہے شہِ دوسرا کے بعد

ہمسائیگی ملے شہِ دارالسلام کی
کیا اور مانگتا میں بھلا اس دعا کے بعد

سرشار کردیا اسے رحمت پناہ نے
پہنچا درِ حضور پہ جو بھی خطا کے بعد

شہزاد کو بھی ہے اسی چادر کی جستجو
پائی تھی کعب نے جو حصولِ رضا کے بعد

Marfat.com

## نعت

ذکرِ شہِ انام ہے نام خدا کے بعد
یہ وردِ صبح و شام ہے نامِ خدا کے بعد

پہلے اسی کا ذکر ہے ہر کارِ خیر سے
سرکار پر سلام ہے نامِ خدا کے بعد

تحریر ہے جو نور کے حرفوں سے عرش پر
"اک مصطفیٰ کا نام ہے نامِ خدا کے بعد"

حمدِ خدا کے بعد ہے مولائے کل کی نعت
مدحت کا اہتمام ہے نامِ خدا کے بعد

Marfat.com

ہیں حرزِ جاں درود و تحیت کے زمزمے
چرچا یہی کلام ہے نام خدا کے بعد

ہر دم نیا مراقبہ محراب نعت میں
اپنا تو بس یہ کام ہے نامِ خدا کے بعد

پڑھتا ہوں ان کے اسم گرامی پہ میں درود
پونجی یہی تمام ہے نامِ خدا کے بعد

قطعہ ہو یا رباعی، قصیدہ ہو یا غزل
مدحِ نبی مُدام ہے نامِ خدا کے بعد

اس نام سے ہے بزمِ عناصر کی ابتدا
اس پر ہی اختتام ہے نامِ خدا کے بعد

اس نام سے ہے خیمۂ گردوں تنا ہوا
اس نام کو دوام ہے نامِ خدا کے، بعد

Marfat.com

یہ بات ہر کتاب مقدّس میں ہے لکھی
سرکار کا مقام ہے نامِ خدا کے بعد

لوحِ مبیں پہ نام ہے سرکار کا رقم
یہ نام ہی امام ہے نامِ خدا کے بعد

شہزاؔد میرے آقا و مولا کے نام کا
کس درجہ احترام ہے نامِ خدا کے بعد

Marfat.com

# نعت

جیسے خدا کی ذات سے ہیں مصطفیٰ قریب
ایسے نہ لا یزال کے کوئی ہوا قریب

جو جتنا بارگاہ نبی سے رہا قریب
اتنا ہی ذوالجلال کے ہوتا گیا قریب

کرتا ہے طے وہ قرب الٰہی کی منزلیں
کرتے ہیں جب کسی کو حبیب خدا قریب

وہ خوش نصیب کون ہے ازغار تا مزار
ہر حال میں حضور نے جس کو رکھا قریب

Marfat.com

دنیا کو رنگ و نور سے معمور کرگیا
اس پیکرِ جمال کے جو بھی رہا قریب

مضموں ملا یہ سورۂ احزاب سے مجھے
مومن کی جاں سے بھی ہیں شہِ انبیاء قریب

پابند قرب و بُعد نہیں ان کی بارگاہ
یہ ان کا مسئلہ ہی نہیں دور یا قریب

ذکرِ نبی کو جو بھی بنائے گا حرزِ جاں
اس کو رکھیں گے حشر میں خیر الوریٰ قریب

آقا نے اپنی ذاتِ مقدّس کا جُز کہا
کس درجہ تھیں حضور کے خیر النساء قریب

ہوتی ہے سہل اسوۂ اقدس کی پیروی
رکھتا ہوں نقشِ پائے نبی کو سدا قریب

شہزادؔ زندگی میں مزے لوں بہشت کے
دو چار دن جو رکھ لیں شہِ دوسرا قریب

Marfat.com

# نعت

یہی میرا وظیفہ ہے، یہی میری عبادت ہے
میں اہل نعت میں سے ہوں، میسر یہ سعادت ہے

زمانے بھر کی مہمانی کو وا بابِ عنایت ہے
ہیں جس کے ریزہ چیں سلطاں، یہ ایسا خوانِ نعمت ہے

سنو! تقویمِ عشق مصطفیٰ ﷺ پر جس کی خلقت ہے
اسے جینے کی حاجت ہے، نہ مرنے کی ضرورت ہے

قدم فرما ہوئے ہیں رحمۃ للعالمیں ﷺ جس جا
وہاں کا ذرّہ ذرّہ آج تک خورشید سیرت ہے

Marfat.com

نہ ہو پابوسیٔ مولائے عالم ﷺ سے جو بہرہ مند
وہ دنیا کوئی دنیا ہے وہ جنت کوئی جنت ہے

مرا گریہ بھی اک فیضان ہے اس ابرِ رحمت کا
کہ چشمِ تر میں جو بھی قطرہ ہے، دریا بضاعت ہے

محمد ﷺ کے غلاموں، جاںنثاروں، فیض یابوں میں
ہر اک شاہِ ولایت ہے، ہر اک میرِ امامت ہے

کہا جبریل نے اپنے مراتب کو بیاں کر کے
یہ سب حضرت تمہاری مہربانی ہے، عنایت ہے

یہی احساس رکھتا ہے ترو تازہ مجھے ہر دم
میں کس کا امتی ہوں اور میری کس سے نسبت ہے

ہمیشہ سے رہے ہیں متفق اہل نظر اس پر
"یہ دنیا ایک صحرا ہے، مدینہ باغ جنت ہے"

دیار قدس میں شہزاد تھا امسال بھی حاضر
ہوا پھر سے کرم بے حد، شہِ طیبہ ﷺ کی شفقت ہے

Marfat.com

# نعت

زہے مقدر ہمیں بھی نسبت ہے بارگاہِ شہِ شہاں ﷺ سے
غبار کو بھی تو کچھ علاقہ ہوا ہی کرتا ہے کارواں سے

ہر ایک تشبیہ سے مُبرّا، ورا ہے بے شک وہ ہر مکاں سے
"ملا خدا بھی اگر کسی کو، ملا محمد ﷺ کے آستاں سے"

جہانِ فانی میں آرہے ہم ہجومِ ارواح سے نکل کر
تمنا ان کی لیے پھرے ہے، یہاں وہاں سے، وہاں یہاں سے

مِرا حوالہ یہاں بھی ان کی عنایتیں ہیں، نوازشیں ہیں
خدا نے چاہا تو جانا جاؤں گا حشر میں بھی اِسی نشاں سے

Marfat.com

ثنائے خواجہ کی کیف افزا فضا میں لیتا ہوں سانس جب میں
اترنے لگتا ہے قلبِ مضطر پہ اک سکینہ سا آسماں سے

مقامِ محمود پر قیامت کے روز ہوں گے حضورﷺ فائز
انہی کی مدحت سنائی دے گی ہر ایک لب سے، ہر اک زباں سے

برستا جائے گا ابرِ بخشش باذنِ مولا وہاں وہاں پر
گزرتے جائیں گے سرورِ دیں بروزِ محشر جہاں جہاں سے

وہ دیکھ شہزادؔ ان کا روضہ ریاضِ جنّت سے متصل ہے
بہشت بھی فیض پا رہی ہے شہِ مدینہ کے گلستاں سے

Marfat.com

# نعت

شکر ہو سکتا نہیں اس پر خدائے پاک کا
نعت گو اس نے کیا مجھ کو شہِ لولاک کا

مرتکب ہے جو بھی ایذائے رسول پاک کا
ہے جہنم مستقر ایسے ہر اک بے باک کا

اشک مشغولِ دعا ہیں جالیوں کے روبرو
بخت جاگ اٹھا ہے میرے دیدۂ نمناک کا

جو تھے محروم بصیرت، ہو گئے اہل نظر
سرمہ آنکھوں میں لگا کر اس گلی کی خاک کا

Marfat.com

نوعِ انساں تھی تباہی کے کنارے پر، کہ بس
"ہاتھ آیا دامنِ رحمت شہِ لولاک کا"

مجھ پہ ہوتی ہے نچھاور خود بہارِ ہشت خلد
غنچہ دل میں جب چٹکتا ہے درودِ پاک کا

اس کی امت پر بھی کھول ابوابِ رحمت اے کریم!
جس کی خاطر وا کیا تھا تو نے، در افلاک کا

یہ بھی تھا سرکارِ والا کے خصائص میں سے ایک
دور ہی سے دشمن پر بیٹھ جانا دھاک کا

کس ادب سے چومتی ہوگی لب و دندان کو
مرتبہ اعلیٰ ہے کتنا آپ کی مسواک کا

دھو کے پیتے تھے قمیص پاک کا پانی مریض
معجزہ مشہور ہے سرکارﷺ کی پوشاک کا

میں کہ اک موجِ غبارِ کاروانِ نعت ہوں
ہے کرم شہزادؔ یہ بھی اس خس و خاشاک کا

Marfat.com

# نعت

مجھے فیضان صبح و شام آتا ہے محمد کا
زباں پر میری جس دم نام آتا ہے محمد کا

مصائب دنیوی ہوں یا مراحل قبر و محشر کے
وسیلہ بے کسوں کے کام آتا ہے محمد کا

مسافر جادۂ سیرت کے رکھ ملحوظ یہ نکتہ
مدینہ راہ میں ہر گام آتا ہے محمد کا

سناتا ہے جب آ کر ذکر طیبہ کا کوئی زائر
تو لگتا ہے کہ بس پیغام آتا ہے محمد کا

Marfat.com

قصیدہ جب بھی دربارِ نبی میں نذر کرتا ہوں
نیا ہر بار اک انعام آتا ہے محمد کا

فلاح و فوز کے حق دار ہیں دنیا و عقبیٰ میں
بجا لاتا جنہیں اکرام آتا ہے محمد کا

پکاریں اہل جنت جب پڑے مجھ پر نظر ان کی
وہ دیکھو بندۂ بے دام آتا ہے محمد کا

مجھے شہزادؔ ان کی تشنگی پہ رشک آتا ہے
بجھانے پیاس جن کی جام آتا ہے محمد کا

❖

Marfat.com

## نعت

دو عالم کی زینت رسالت کسی کی
خدا کی عنایت رسالت کسی کی

کمال ہدایت رسالت کسی کی
جمال نہایت رسالت کسی کی

فروغ شریعت رسالت کسی کی
ہے روح طریقت رسالت کسی کی

کرم کی روایت رسالت کسی کی
سراسر ہے رحمت رسالت کسی کی

رُسل آئے آدم سے تا ابن مریم
کہ تھی غرض و غایت رسالت کسی کی

ازل تا ابد جلوہ گر اب رہے گی
بصد شان و شوکت رسالت کسی کی

ہوئی ضوفشاں عرصۂ تیرگی میں
بصدق و امانت رسالت کسی کی

قسم لم یزل کی بنائی گئی ہے
برائے اطاعت رسالت کسی کی

رسل مقتدی ہوں گے روز قیامت
کرے گی قیادت رسالت کسی کی

Marfat.com

نہ کیوں دو جہاں پھر کریں استفادہ دو جگ میں ہے رحمت رسالت کسی کی

جو رسوائے عالم تھے اب محترم ہیں ہے وجہِ کرامت رسالت کسی کی

ہماری شفاعت کو شہزآد ہوگی بروزِ قیامت رسالت کسی کی

Marfat.com

# نعت

خدا کا تقرب ہے قربت کسی کی
کہ ہے اصل ایمان الفت کسی کی

کلام الٰہی کی آیات بن کر
ہوئی جلوہ فرما فضیلت کسی کی

نمازی صلوٰۃ و ثنا پڑھ رہے ہیں
ادا ہو رہی ہے عبادت کسی کی

سبھی انبیاء و رسل محترم ہیں
مسلّم ہے سب پر قیادت کسی کی

ہے سب اہل ایماں کا پختہ عقیدہ
ہمیں کام دے گی شفاعت کسی کی

بہرحال دامانِ سائل کو بھرنا
ہمیشہ رہی ہے روایت کسی کی

خدا کی قسم نعت بھی خوب شے ہے
کسی کی نجات اور مدحت کسی کی

عجب دلکشی ہے مدیحِ نبی میں
کسی کی ثنا اور سعادت کسی کی

کسی کے کرم پر لگی ہیں یہ آنکھیں
نوازے گی آخر عنایت کسی کی

ہمارے فضائل بھی قرآن میں ہیں
کہ آخر کو ہم بھی ہیں امت کسی کی

ہمارا بھی شہزادؔ ہے کوئی وارث
ہے حاصل ہمیں بھی حمایت کسی کی

Marfat.com

# نعت

ہر عقیدت پہ مقدم ہے عقیدت اپنی
فیض سرکارِ دو عالم ہے عقیدت اپنی

دل تصور میں مدینے کے سفر پر مائل
ساتھ با عزم مصمم ہے عقیدت اپنی

مستقل ربط ہے بارانِ کرم سے ہم کو
موسمِ زرد میں رم جھم ہے عقیدت اپنی

فردِ اعمال میں مرقوم ہیں نعتیں ان کی
لفظ در لفظ مجسم ہے عقیدت اپنی

التفاتِ شہِ کونین میسر ہے ہمیں
ایک سرشاری پیہم ہے عقیدت اپنی

بے خودی میں بھی رہا صحو کا عالم طاری
تابش نور مجسم ہے عقیدت اپنی

اک تسلسل ہے تحیات و ثنا کا ہر پل
محو تسلیم دما دم ہے عقیدت اپنی

طے کیے ایسے محبت کے مدارج ہم نے
رب کے محبوب سے محکم ہے عقیدت اپنی

جب سے وابستۂ دامانِ کرم ہوں شہزاد
بے نیازِ الم و غم ہے عقیدت اپنی

Marfat.com

# نعت

رسولِ ہر دو عالم کا ہے یہ فرمان ''لَا تغضبْ''
یہ فرمانِ نبی ہے صاحبِ ایمان ''لَا تغضبْ''

نصیحت کے لیے جب کی گزارش اک صحابی نے
کہا سرکار نے ہربار اے انسان ''لَا تغضبْ''

خطا سے در گزر کرنا بہت محبوب ہے رب کو
کسی حالت میں بھی اے بندۂ رحمان ''لَا تغضبْ''

خدا کو ہے بہت ہی پیار غصہ پینے والوں سے
بڑی ''والکاظمین الغیظ'' کی ہے شان ''لَا تغضبْ''

Marfat.com

شہِ کونین کی سیرت کا ہے اک دلنشیں پہلو
کرو تم دشمنوں کے ساتھ بھی احسان "لَا تغضبْ"

شعارِ انبیاء و اصفیاء ہے در گزر کرنا
یہی ہے شیوۂ اہلِ رہِ عرفان "لَا تغضبْ"

چلو یہ باہمی بے زاریاں سب ختم کر ڈالیں
فنا ہوجائیں گے اک دن یہ مال و جان "لَا تغضبْ"

ترا سب سے بڑا دشمن ہے تیرے ساتھ ہر لحہ
کہیں چنگاریاں بھڑکا نہ دے شیطان "لَا تغضبْ"

جسے قابو ہو اپنے نفس پر غصے کی حالت میں
ہے طاقتور حقیقت میں وہی انسان "لَا تغضبْ"

تکبر بندۂ ناچیز کو زیبا نہیں ہر گز
انا کو چھوڑ دے اے پیکرِ ایقان "لَا تغضبْ"

Marfat.com

خدائے قاہر و جبّار کی بھی ہے رضا اس میں
جسے سب مانتے ہیں تو بھی اس کی مان "لَا تغضبْ"

خدا نے بھی کیا غصے پہ اپنے فضل کو غالب
وہ بے شک ہے حلیم و غافر و سبحان "لَا تغضبْ"

مری اس بات پر شہزآد ہے "ما ینطقُ" شاہد
حدیثِ سرورِ دیں ہی تو ہے قرآن "لَا تغضبْ"

Marfat.com

# مدینہ کی کھجوریں

آتی ہیں بہت یاد مدینہ کی کھجوریں
ہیں رزقِ خداداد مدینہ کی کھجوریں

ہمراہ یہ لے آتی ہیں زمزم کے کٹورے
کر دیتی ہیں دل شاد مدینہ کی کھجوریں

گزری تھی جو حجاج پہ دورانِ زیارت
کہتی ہیں وہ روداد مدینہ کی کھجوریں

جو باغ کہ سیراب نہ ہوتا ہو کسی سے
کر دیتی ہیں آباد مدینہ کی کھجوریں

Marfat.com

اللہ کے محبوب سے نسبت جو ہے ان کو
پاتی ہیں بہت داد مدینہ کی کھجوریں

کرتی ہیں کرم زائرِ طیبہ پہ خصوصی
بن جاتی ہیں ہم زاد مدینہ کی کھجوریں

یہ جذبۂ ایمان کو دیتی ہیں حرارت
ہیں دافعِ الحاد مدینہ کی کھجوریں

جب بھوک ستاتی ہے مسافر کو سفر میں
فرماتی ہیں امداد مدینہ کی کھجوریں

ہر آن تصور میں ہیں زمزم کے کٹورے
آنکھوں میں ہیں آباد مدینہ کی کھجوریں

سرکار کے فیضان سے معمور ہیں ریشے
ہیں پیکرِ ارشاد مدینہ کی کھجوریں

اللہ رے وہ عنبر و عجوہ کی حلاوت
کیا خوب ہیں شہزاد مدینہ کی کھجوریں

Marfat.com

# قطعات

کبھی تبت یدا کا تازیانہ تا و تب آیا
کہیں ما اغنیٰ عنہٗ مالہٗ اور ما کسبٗ آیا
تری ناموس کا خود قادرِ مطلق محافظ ہے
حمایت میں تری یا مصطفیٰ قرآن سب آیا

❖

اگر توبہ پہ ہے مائل طبیعت
وضو کر لیجیے پہلے دعا سے
نہیں ہے آنکھ میں پانی تو کر لیں
تیمم خاکِ پائے مصطفیٰ سے

❖

Marfat.com

## قطعات

حاصل عمر ہے بشر کے لیے
سرورِ دیں کی ذات کا ادراک
نعت میں نعت ہی کا ہو مضموں
اس کو کہتے ہیں نعت کا ادراک

❖

### ﴿غرّنی رحمۃ ربّی﴾

کر دیا غافل تجھے کس نے خدا کی ذات سے
مجھ سے پوچھا ایک دن یہ آیۂ قرآن نے
جھوم کر شہزاد میں نے یوں دیا اس کا جواب
کر دیا بے باک مجھ کو رحمتِ رحمٰن نے

❖

Marfat.com

# تبصرہ

شہزاد مجددی کی نعت کے کئی پہلو ہیں ۔ ان کے ہاں نعتیہ موضوعات کا بڑا تنوع ہے۔ جذبات و احساسات اور نظریات کو بیان کرنے کے الگ الگ انداز ہیں ۔ موصوف دیار مصطفیٰ ﷺ جانے اور وہاں زیست کرنے کے جذبات اور خواہشات کو جس طرح بیان کرتے ہیں اور پھر جس طرح دورانِ حاضری درو دیوار حبیب کبریا کی بات کرتے ہیں ۔ اس سے ان کا عشق اور عقیدت واضح جھلکتی نظر آتی ہے۔ شہزاد مجددی فن نعت گوئی کو سعادت بھی سمجھتے ہیں اور پھر اس سعادت اور عطا پر فخر بھی کرتے ہیں ۔ اس فخر کا اظہار وہ جس انداز سے کرتے ہیں قاری خود اس انداز میں کیف و سرشاری محسوس کرنے لگتا ہے۔

شہزاد مجددی کے ہاں نعت میں غزل کا رنگ بھی نمایاں ہے اور خوبصورت الفاظ کا استعمال بھی جو کہ آپ کی نعت کو فنی حوالے سے حسین ترین بنا رہا ہے۔ آپ نے نعت لکھتے ہوئے عقل و شعور کے سارے در وا کئے ہوتے ہیں کہ بات کہیں مقام مصطفیٰ ﷺ سے پیچھے نہ رہ جائے ۔ شہزاد کی حمد و مناجات میں جو دعائیں اور التجائیں ہیں وہ بھی در حبیب خدا پہ زیست کرنے اور نعت رسول مصطفیٰ ﷺ لکھنے اور پڑھنے کی ہیں۔ ان کی نعت سے مکمل وابستگی ہی ہے جو کہ ان کی نعت کو زندہ رکھے ہوئے ہے کیونکہ ان کے ہاں روایتی اور مصنوعی خیال نہیں ہیں ہر خیال میں سچائی اور رعنائی ہے۔ عشق .ور محبت ہے اور وہ اس فن نعت کو زندگی تصور

Marfat.com

کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

؎ مرا آغاز اور انجام ہے شہزاد نعت اُن کی
ہوا ہے کام اک مجھ سے یہی مقدور بھرافضل

؎ روح کا رزق اترتا ہے فلک سے جب بھی
میرے حصے میں شہِ دیں کی ثنا آتی ہے

شہزاد مجددی فن نعت میں اور حمد نگاری کے راستے میں عشق کو ہی رہبر و مرشد اور روشنی و نور سمجھتے ہیں کیوں کہ اس کے علاوہ نہ تو نعت لکھی جاتی ہے اور نہ ہی زندگی بسر ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنی حمد و نعت میں فلسفہ عشق کو بڑے خوبصورت پیرائے میں بیان کیا ہے اور عاشقانِ رسول خدا ﷺ کو دو جہانوں میں معتبر و افضل گردانا ہے شہزاد مجددی کی نعت ہمیں سیرت و صورت مصطفیٰ ﷺ سے عشق سکھاتی ہے اور آپ ﷺ کے خلق عظیم کی بات کو ہمارے قلب و روح میں ایسے اتارتی ہے کہ ہمارے ذہن و فکر پر عشق کے معانی کھلتے جاتے ہیں۔ ہماری بصیرتوں اور بصارتوں میں رنگ ،روشنی اور نور کے در واہوتے جاتے ہیں۔ ہمارا دامن خیرات مصطفیٰ ﷺ سے بھر جاتا ہے اور ہم اپنے آپ کو دنیا کے بادشاہوں میں محسوس کرنے لگتے ہیں۔

سہ ماہی مفیض (نعت تبصرہ نمبر) شمارہ ۲۷ ـ ۲۰۰۸ء

Marfat.com

Marfat.com

[illegible]

[illegible]

علامہ محمد شہزاد مجددی دورِ حاضر کی روحانی فضاؤں سے عہدِ ... میدان کی طرف سے نعت گوئی کی صنف
بھی اہمیت دیتے ہیں اور علمی و ادبی حلقوں میں اس حوالے سے بھی اپنی خاص پہچان رکھتے ہیں۔ ان
کا مجموعۂ نعتیہ شاعری ادبی و فنی محاسن کا مرقع ہونے کے ساتھ ساتھ تعلق باللہ اور تعلق بالرسول ﷺ کے
حوالے سے بھی قاری پر ایک خاص رنگ چھوڑتا ہے اور پڑھنے والا خود محبت و محبوبیت کی معطر فضاؤں میں
محسوس کرنے لگتا ہے۔ علومِ دینیہ سے گہری واقفیت اور حدیث و سیرت کے عمیق مطالعے نے ان کی نعت کو نہ
صرف نکھار اور ندرت سے نوازا ہے بلکہ شرعی اعتبار سے استناد بھی بخشا ہے۔ نعت کے نعت خواں ہونے
کرنے میں جہاں ان کے جذبۂ عشقِ رسول ﷺ نے انہیں ... کا صاحب بنایا ہے وہاں اس پہلو سے احتیاط
بخوبی ... کرنے میں ان کے ذوقِ نقد و نظر نے بھی رہنمائی کی ہے۔ علامہ مجددی نے اہلِ کرامت سے
بھی اس سلسلے میں بھرپور استفادہ کیا ہے اور دورِ مراحلِ نعت میں حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ
اپنا مرشد و رہبر مانتے ہیں۔۔۔

علامہ (ڈاکٹر) محمد طاہر القادری

[illegible]

میں بھی ہوں شہزاد شاملِ کاروانِ نعت میں
یوں تعلق کعب و حسان و سنائی سے ہوا

[illegible]

Marfat.com